۳۵۶۰ع
مراه الاسامة

والله یهدی من یشاء الی صراط مستقیم

الحمد لله علی اکمال الدین واتمام النعمة که این رساله شریفه وعجاله منیفه محتوی بر تحقیقات عنیقه و تدقیقات رشیقه الموسوم به

مراة الامامة فی اثبات الخلافة

مولفه

کاشف رموز خفی وجلی جناب مستطاب مولوی سید کاظم علی صاحب واسطی بریلوی

در مطبع اثنا عشری باهتمام سید عابد علی طبع شد

قال رسول الله علی منی بمنزلة هارون من موسی

الحمد لله علی اکمال الدین و اتمام النعمة که این رسالهٔ بالغه و عجالهٔ نافعه و علالهٔ رائعه محتوی بر براهین قاطعه و حجج ساطعه مشتمل بر اقوال صادقه و اجوبه لائقه به سوالات لغویه بانتقاص و زیادت قرآن مجید و فرقان حمید و مسئلهٔ امامت ذو الکرامت الموسوم به

مرآة الامامة فی اثبات الخلافة

من تصنیف لطیف و تالیف منیف کاشف رموز خفی و جلی حامی لملة الاسلام ماحی لآثار البدعة الذی اسمه المؤلف من اسمی الوصی و ولی السابع الهادی المشهور فی الحضر والبادی سید السند المولوی کاظم علی صاحب [illegible] النجفی[?] اثنا عشری الواسطی السنبهلی ثم البریلوی صانه الله عن شرور العدو والبغی

حسب فرمایش ذو المکان العلی[?] و الشان الوفی[?] السید عباد علی سلمه العالی بمقام لکهنو محله خراشی خانه وزیر گنج

در مطبع اثنا عشری باهتمام سید عابد علی طبع شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیحد اوس خدائے واحد کو جسنے انسان کو خاک سے بناکر خلعت ولقد کرمنا
بنی آدم سے معزز وممتاز فرمایا اور ہدایت خلق کے لیئے انبیاء علیہم السلام کو
مبعوث فرمایا اور تاج رسالت اپنے پیارے نبی آخر الزمان کے سر مبارک پر
رکہا اور اونکے اہل بیت کو بشہادت آیہ تطہیر پاک ومعصوم کردیا اما بعد
خاکسار سید کاظم علے ابن سید امام علی ولد سید دوست علے واسطی ساکن قدیم موضع کہاتہ وسینتل از اولاد
زید الشہید فرزند جناب سید الساجدین علیہ السلام خدمت ارباب تحقیق مین
یہہ گذارش کرتاہے کہ بعض اعزہ واقارب اس کمترین کے متمسک بہ مذہب
اہلسنت رہتے آئے ہین اور ابتدائے سن شعور سے یہہ حقیر بہی متمسک بہ مذہب
اہلسنت تہا لیکن جو اختلاف کہ فیمابین اہل تشیع وحضرات اہل سنت کے قدیم الایام
سے چلا آتاہے اسکے باعث طبیعت مشوش رہتی ہتی اور چاہتا تہا کہ فریقین
کے اقوال کو بنظر امعان دیکہون اور دریافت کرون کہ انمین وجوہ نزاع کیا
ہین اور آیا ہمارا مذہب وہی ہے جس سے خدا ورسول راضی ہین اور ہم اپنے
نبی کریم کے واقعی ارشادات کے متبع ہین یا نہین اور ہماری مخالف (یعنے اہل تشیع)

جو ہمارے مذہب پر طعن وتشنیع کرتے ہین اور ہمین احکام خدا اور رسولؐ کی
مخالفت کرنے والا بتلاتے ہین یہہ قول انکا کہانتک درست ہے لیکن طلب
حصول علم انگریزی مانع تحصیل مدعائے دلی ایک مدت تک رہی اور سیر گلشن تحقیق
سے باز رہا مگر جب سن اس عاصی کا ۱۹ سال کا ہوا اور فی الجملہ تحصیل زبان
انگریزی سے فراغ حاصل ہوا عنان سمند طبع کو جانب جولانگاہ تحقیق پہیر کر
بلاتعصب کتب فریقین کو دیکہنا شروع کیا اصول دین مین توحید سے معاد تک
اور فروع مین نماز سے جہاد تک بین الفریقین بڑا اختلاف پایا - اور کتب کلامیہ
بہی شیعہ وسنی کے وقتاً فوقتاً دیکہتا رہا اور خدا سے بتضرع وزاری بعد فریضہ
دعا کرتا رہا کہ اس بندہ گنہگار کو صراط مستقیم اور جادہ حق کی ہدایت فرماوے
اور ایسی عقل سلیم عطا فرماوے کہ حق وباطل مین تمیز ہوسکے رفتہ رفتہ آثار
انوار ہدایت ظاہر ہونے لگے اور ثابت ہوگیا کہ مذہب شیعہ مذہب حق ہے
کیونکہ معیار مذہب حق مین نے رسول اکرمؐ کے اوس ارشاد کو پایا جو متفق علیہ
بین الفریقین ہے اور جسمین آپ نے یہہ ہدایت کی ہے کہ میرے بعد جو کتاب
خدا اور میرے اہل بیت سے متمسک ہوگا وہ ناجی ہے اور قرآن واہلبیت
کے اتحاد سے یہہ بہی ظاہر فرمادیا کہ قرآن پر جب ہی عمل ہوسکتا ہے جب
اہلبیتؑ کے حکم کے مطابق ہو اسی معیار کو مین نے پیش نظر رکہکر فریقین کے
کتب کو دیکہنا شروع کیا لاریب کہ مین نے اہل تشیع کو دعوائے تمسک بافعال
اہل بیت طاہرین مین صادق پایا عقائد کلام تفسیر وحدیث وفقہ واصول
ان سب علوم مین اس فرقہ کا دارومدار اہل بیت عصمت وطہارت کے
فرمان پر ہے جتنے اقوال وافعال اس فرقہ کے ہین سبکو وہ بر وفق ارشاد
اہل بیت ثابت کرتا ہے اور جو امر کہ آنحضرت کے ارشاد کے مخالف ہو
وس سے تمام تر احتراز واجتناب اہلسنت کو اسکے برعکس پایا اہلبیت کے قول پر عمل کرنا گیا

اس فرقہ کے مشاہیر و معتمدین کے وہ اقوال دیکھے جنہین مین لکھتے ہوے کانپتا ہون
ائمہ اثنا عشر سے بعض کو اس قابل نہین سمجھا جاتا کہ اونسے حدیث روایت کیجائے
بادشاہ وقت کے خوشی کے لئے اونکو عاجز و لاعلم ظاہر کرنیکے لئے اپنی دانست مین
مشکل مشکل مسائل بتائے جاتے اور روز بار مین آنحضرت سے پوچھے جاتے تاکہ معاذ اللہ
آپ جواب نہ دیسکین بعض کو ایسا جاہل سمجھا جاتا ہے کہ اونکی نسبت ارشاد ہوتا ہے
کہ انہین فلان عالم سے پڑہنا چاہئے تہا خلافت کا معاملہ تو اظہر من الشمس ہے کیا
معنی کہ باوصف نصوص کثیرہ کے کہ جنمین کسی قسم کی تاویل واقعی کو مساغ نہین نفس
رسول کو چھوڑ کر غیرونکو خلیفہ و نائب پیغمبر مانا جاتا ہے اور اون نصوص جلیہ مین انواع
و اقسام کی تاویلہاے دور از کار پیدا کرکے چاند پر خاک ڈالی جاتی ہے کہ جس سے
صراط مستقیم کے ڈہونڈہنے والے کو بآسانی راستہ نہین ملتا۔ لیکن غواصان
بحر تحقیق نہنگ خطرات و ساوس سے خوف نکر کے دُرِ مدعا ڈہونڈہی لیتے ہین اور دولت
ایمان غارتگرین سے گو تسلط مارہی ہین کیون نہو حافظ حقیقی کی حفظ و امن پر تکیہ کرکے
خوف و حزن دل صفا منزل سے دور کرکے نکال ہی لاتے ہین۔

چنانچہ فرمایش **چہارم** جواب مین مینے بطور نمونہ حدیث غدیر کا کسیقدر
تفصیل سے ذکر کیا ہے تاکہ ناظرین کو میرے اس قول کی تصدیق ہوجاے اور ملاحظہ
فرمائین کہ کیسے نص متواتر مین کیا کیا مہمل و بیمعنی شبہات پیدا کئے ہین اور امر حق
کے مٹانے مین کیا کیا کوشش فرمائی ہین لکن بمصداق **الحق یعلوا
ولایعلے** باوصف ان سب باتون کے پہر بہی امر حق مثل سپیدۂ صبح
روشن و مستنیر ہے اور طالبان حق کے لئے دروازہ ہدایت وا ہے القصہ
جب مجھے بعد تحقیق بسیار یقین کامل حقیقت مذہب امامیہ اثنا عشری پر ہوگیا
اوسوقت مینے اپنے مذہب کو ظاہر کردیا لکن ساتھی اسکے مجھے جیسی امید تہی

وہی ہوا کہ جب یہ خبر میرے احباب مخالف المذہب کو ہوئی اونہون نے پہلے
تو مجھے دوستانہ نصیحتین کرنا شروع کین اور دلائل عقلیہ و نقلیہ اپنے مذہب کے
موافق وقتاً فوقتاً پیش کرتے رہے اور مین بفضل ایزد متعال اون سبکو
جواب معقول دیتا رہا اور بالآخر یہ نوبت پہونچی کہ انواع و اقسام کی بلایا و مصائب
کا سامنا ہوا اور طرح طرح کی اذیتین پہونچائی گئین اور ابتک پہونچائے جاتے
ہین لکن ہزار ہزار شکر ہے اوس خدا کا جس نے اس بندہ عاصی کو راہ حق
مین ان سب مصائب پر صبر و تحمل کی توفیق عطا فرمائی اور اون برگزیدگان
دین و ارکان ایمان کے اتباع کا شوق دل مین ڈالدیا جنہون نے راہ خدا
مین وہ وہ تکلیفات اوٹھائین کہ جنکے دیکھنے کے دلونکو تاب نہین ہے
اللھم اجعل سعیھم مشکورا و اجرھم موفورا اسی اثنا مین
ایک مرتبہ مولوی امیر اللہ صاحب ساکن موضع دہندری ضلع پیلی بہیت
نے جو ایک مدت تک مدرسہ اکبر حسین خان صاحب مرحوم مین
مقام بریلی متصل جامع مسجد ملازم رہے یہ خبر سنکر جو شاید اونپر
نہایت شاق گذرے ہونگے مجھے اس فریب سے بلایا کہ مجھے تمسے
مسئلہ کتاب انگریزی کے نسبت کچھ گفتگو کرنا ہے ۔ مین اون کے
پاس گیا تو اونہون نے مجھسے مذہبی معاملات مین اسقدر گفتگو کی
کہ رات کا ایک بج گیا اور کسی دلیل سے مولوی صاحب یہ ثابت
نکر سکے کہ ابوبکر افضل تھے نہ کوئی بات ایسی کہی جس سے
یہ سمجھ مین آتا کہ مذہب اہلسنت حق ہے بعد کئے روز کی اونہون
نے میرے پاس چار سوال اپنے دست خاص سے لکھکر
اور خاتمہ پر اپنے دستخط کرکے روانہ فرمائی کمترین کو

اگرچہ بسبب کثرت اشغال ملازمت سرکاری بالکل مہلت نہین ملتی لیکن متوکلی علے اللہ اون سوالات کے جواب تحریر کرکے حق کو باطل سے جدا کر دیا۔ اون چارون سوالونکو اولاً بعینہ لکہے دیتا ہون اوسکے بعد تفصیل سے ہر ہر امر کا جواب بعنوان فرمائش وگذارش تحریر کرتا ہون تاکہ ناظرین فریقین ملاحظہ فرمائین اور پہر داد انصاف دین شروع مین میرا ارادہ یہہ نہ تہا کہ اس رسالہ کو چہپوا کر شائع کرایا جاوے لیکن بعض مخلصین کے اصرار سے یہہ منظور ہوا کہ اسکو چہپوا دون تاکہ مومنین اس سے محظوظ ہون اور گم شدہ راہ حق پر آجاوین آخر مین یہہ عرض ہے کہ جو مومنین اس مختصر سے فائدہ اوٹہائین وہ عاصی کے واسطے دعائے خیر فرمائین۔ قال الفاضل الاجل شیخ امیر اللہ۔

مُبسمِلاً و محمِدً لاً و مصلّیاً و مسلماً

مہر کاظم علیصاحب طبیعت آپکی تحقیق طلب ہے میرے سامنے ہی آپکا یہی بیان تہا کہ جو امر حق ثابت ہو گا اوسکا ماننا لابد ہے پہر حسب استدعا آپکے مجہسے میری اختر حسین خان نے چاہا کہ آپ جو فرماتے ہین تحریر کر دیجیے لہذا موافق فرمائش آپکے برخلاف روش اپنے ناچار لکہنا پڑا کہ تحقیق حق ہو جائے اولاً ایک اصل و بنیاد ٹہہر چکے تب اور بات شروع ہو۔ ظاہر ہے کہ جب دو فریق باہم کسی امر مین تنازع کرین تو اونکے لیے حکم و قاضی ضرور ہے جسکے حکم پر فریقین اتفاق رکہتے ہون وہ اسلامی فرقون مین قرآن عظیم و ارشاد نبی کریم علیہ وعلے آلہ افضل الصلوۃ والتسلیم ہی نظر آتا ہے لہذا اسکے نسبت گذارش ہے کہ ۱ قرآن موجود جیسا منزل من اللہ ہوا بے کمی و بیشی وہی ہے یا اسمین کہین نقص و زیادت کو دخل ہوا ہے اگر نہین تو وجہ اسمین مداخلت ماننے باوجود حفاظت الہی وہ فرقہ اہل اسلام مین داخل

مانا جائیگا یا خارج ۲ اس قرآن موجود کا شارح علیہ افضل الصلوۃ والسلام سے ثبوت قطعی ایسا ظاہر ہوا ہے جس سے مناظر طالب دلیل کو الزام دیسکتے ہین اور جبرًا ثابت کرسکتے ہین کہ یہہ بعینہ بے تفاوت وہی عبارت ہے جو محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب جل وعلا کیطرف سے ہمین پہونچائی یا نہین اگر نہین تو قرآن کیطرف دعوت کا کیا ذریعہ ہے اگر ہے تو وہ ثبوت معلوم ہو خدا نے ہم تم اہل زمانہ کے سامنے تو فرمایا نہین نہ ہمنے تمنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی زبان اقدس سے سنا آخر ابتک نقل سے پہونچا اس نقل وسند کی منتہے اہل اسلام تہے یا کفار اور وہ معدود چند چار پانچ شخص تہے یا حد تواتر کو بالغ اگر کفار تہے اور اونہین کی نقل پر یہہ وثوق تام حاصل جو مدار تمامی اصول وفروع دین ہے تو بعض فرق کفار کو اپنے کتب و عقائد مین بہی بدعوی تواتر نزول وتعلیم من اللہ بتلاتے ہین اونپر بہی وثوق ہوگا یا نہین اور اگر معدودے چند تہے تو اونکی نقل پر تیقن کا ذریعہ کیا ہے اور آیا وہ ذریعہ ایسا ہے جس سے ہم مخالف مذہب پر حجت آہیہ قائم کرسکتے ہین یا نہین اور اوسکا ثبوت ثبوت حقانیت قرآن پر مقدم ہوگا یا نہین ۳ قرآن کے سوا مسئلہ امامت وغیرہ شرائع غیر منصوصہ فی القرآن پر ذریعہ تیقن بہی اسی تفصیل سے بیان فرمایا جاوے اور نیز ارشاد ہو کہ رواۃ شریعت نے آیا کوئی حکم شرع اخفا وتغیر کیا یا نہین اگر کیا تو بقیہ شرع پر نسخ احکام یا تخصیص عام یا تقیید مطلق وغیرہ کے اخفا سے امن پر تیقن کا ذریعہ جس سے مخالف پر حجت قائم کرسکین ضرور بیان کیا جائے ۴ مسئلہ امامت ضروریات دین اسلام سے ہے یا نہین اگر ہے تو اوسپر من جانب اللہ نص جلی تہا یا نہین اگر تہا تو اوسکی تبلیغ نبی نے خفیہ طور پر فرمائی یا علی الاعلان

اور وہ تبلیغ صاف وصریح ونص مفسر قاطع ہر شک وظن واحتمال تھی یا گول بات جسمین تاویلات کو دخل رہے اگر نص مفسر تہا تو بسند احادیث ہے یا مثل سائر ضروریات دین متواتر اگر متواتر ہے تو اوسکے منتہی الاسانید کتنے اور کون کون لوگ

اقول مستعینا باللہ العلی العظیم شاکرا لہ علی ما ہدانا محمد نبیہ الکریم والہ المعصومین المنتجبین علیہ وعلیھم الصلوۃ والتسلیم مولوی امیر اللہ صاحب تحریر آپکی پہونچی جو استفسار کہ اوسمین فرمایا گیا ہے اوسکا جواب بکمال ادب معرض تحریر مین لاتا ہون ہرچند کہ یہ وہ سوالات ہین کہ جو مکرر مع زیادتی کے زبان عربی وفارسی واردو مین کئے گئے ہین اور جوابات اونکے بسط وتفصیل کے ساتھ شایع ہوچکے ہین شاید آپنے بھی ملاحظہ فرمائے ہونگے۔ واضح ہو کہ یہ روش جو آپنے برخلاف اپنی روش کے اختیار کی اچھی ہے خالی فائدہ سے نہین ہے خدا کرے کہ آپ کو تحقیق حق ہو جائے

فرمایش قرآن موجود جیسا کہ منزل من اللہ ہو وہی ہے یا کہین اوسمین نقص وزیادت کو دخل ہوا ہے

گذارش قرآن موجود مابین الدفتین کی نسبت جناب ابن بابویہ قمی علیہ الرحمہ جو اکابر محدثین امامیہ مین سے ہین اپنے رسالہ اعتقادیہ مین لکھتے ہین اعتقادنا ان القرآن الذی انزلہ اللہ تعالی علی نبیہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ ھو ما بین الدفتین وھو ما فی ایدی الناس لیس باکثر من ذلک اور شیخ الطائفہ شیخ ابو جعفر طوسی تفسیر موسوم بہ تبیان مین فرماتے ہین واما الکلام فی زیادتہ ونقصانہ فمما لا یلیق بہ لان الزیادۃ فیہ مجمع علی بطلانہ

والنقصان منه فالظاهر ایضاً من مذهب المسلمین خلافه و هو الالیق بالصحیح من مذهبنا وهو الذی نصرہ المرتضی رحمه الله تعالے اور بعد چند سطور کے فرمایا ہے وقد وردت عن النبی صلے الله علیه وآله لا یدفعها احد انه قال انی مخلف فیکم الثقلین ما ان تمسکتم بهما لن تضلوا کتاب الله وعترتی اهلبیتی وانهما لن یفترقا حتی یردا علے الحوض و هذا یدل علے انه موجود فی کل عصر لانه لا یجوز ان یامر بالتمسک بما لا یقدر علے التمسک به کما ان اهل البیت علیهم السلام ومن یجب اتباع قوله حاصل فی کل وقت واذا کان الموجود بیننا مجمعاً علے صحته فینبغی ان یتشاغل بتفسیره وبیان معانیه ترک ماسواہ انتهی اور علامہ طبرسی تفسیر مجمع البیان مین فرماتے ہین فاما الزیادة فیه مجمع علے بطلانه واما النقصان منه فقد روی جماعة من اصحابنا وقوم من حشویه العامة ان فے القران تغیراً ونقصاناً والصحیح من مذهبنا خلافه وهو الذی نصرہ المرتضے۔

فرمائش اگر نہین تو جو اوسمین مداخلت مانے باوجود حفاظت الہی وہ فرقہ اہل اسلام مین داخل مانا جائیگا یا خارج۔

گذارش اگر مداخلت سے مراد زیادت والحاق آیات ہے تو بیشک اسکا قائل دائرہ اسلام سے خارج ہے اور اگر مراد مداخلت سے مداخلت فی الترتیب یا نقصان ہے تو قائل اوسکا دائرہ اسلام سے خارج نہین ہو سکتا اور وعدہ حفظ کے یہہ قول منافی بہی نہین ہے کیونکہ قائل اس قول کا کہہ سکتا ہے کہ چونکہ وہ قرآن جو جناب امیر المومنین علیہ السلام نے جمع فرمایا تہا اور جو حذف واسقاط وغیرہ سے ہر حیثیت سے بہرا تہا وہ ہر عہد مین ائمہ معصومین علیہم السلام

کے پاس رہتا آتا ہے اور اس زمانہ مین بہی حضرت صاحب العصر عجل اللہ ظہورہ
کے پاس ہے اور جبکہ قرآن کا بلا تغیر و تبدل کے وجود ثابت ہے تو وعدہ حفظ کا
خلف کیونکر لازم آئیگا۔

فرمائش اس قرآن موجود کا شارع علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام سے ثبوت قطعی
ایسا ظاہر و باہر ہے جس سے مناظر طالب دلیل کو الزام دیسکتے ہین اور جبرًا
ثابت کر سکتے ہین کہ یہہ بعینہ اور بے تفاوت وہی عبارت ہے کہ جو محمد الرسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب جلّ وعلا کی طرف سے ہمین پہونچائی یا نہین

گذارش قرآن موجود کا شارع علیہ السلام کی طرف سے صرف قطعی التبوت
ثابت ہونا اس امر کے لیئے کافی نہین ہے کہ غیر مسلم کو الزام دیسکین یا جبرًا ثابت
کر سکین کہ یہہ بعینہ اور بے تفاوت وہی عبارت ہے جو آن حضرت نے اپنے رب
جلّ وعلا کی طرف سے ہمین پہونچائی جیسا کہ آن حضرت کے ثبوت غیر مسلم پر صرف
اس امر کے قطعی نبوت ہونے سے نہین ثابت ہو سکتے کہ آن حضرت نے ادعائے
نبوت فرمایا لہذا یہہ سوال مہمل ہے۔

فرمائش اگر نہین تو قرآن کی طرف دعوت کا کیا ذریعہ ہے اگر ہے تو
وہ ثبوت معلوم ہو۔

گذارش قرآن کی طرف غیر مسلم کی دعوت کا ذریعہ منجملہ دیگر امور کے ایک
قرآن کی وہ فصاحت و بلاغت ہے جو حد اعجاز پر بالغ اور جبکا سلف سے
آجتک باوصف تحدی کوئی معاوضہ نہین کر سکا اور مسلم کی دعوت تو
امر بے معنے ہے۔

فرمائش خدا نے ہم تم اہل زمانہ کے سامنے تو فرمایا نہین ہمنے تمنے نبی صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم کی زبان اقدس سے سنا آخر اب تک نقل سے پہونچا اس نقل و سند کی

منتہی اہل اسلام تھے یا کفار۔

گذارش قرآن کی نقل وسند کے منتہی تو خود آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہین لیکن بظاہر آپکی مراد یہہ معلوم ہوتی ہے کہ آنحضرتؐ سے جن لوگون نے نقل کیا اونمین ناقلین صدر اول اہل اسلام تھے یا کفار پس واضح ہو کہ ہم اونہین اہل اسلام سمجھتے ہین۔

فرمائش وہ معدودے چند چار چھہ شخص تھے یا حد تواتر کو بالغ۔

گذارش آپکے بیان سے ہویدا ہے کہ چار چھہ شخص کی روایت سے تواتر ثابت نہین ہوتا حالانکہ اگر آپ اپنے علما و محققین کے اقوال ملاحظہ فرماتے تو ایسا ارشاد نہ کرتے کیونکہ صواعق ابن حجر سے واضح ہوتا ہے کہ آٹھہ شخصونکی روایت سے تواتر ثابت ہو جاتا ہے اور ابو محمد علے بن احمد بن سعید بن حزم نے تو اپنی کتاب محلے مین چار صحابہ کی نقل کو باعث حصول تواتر قرار دیا ہے پس اگر قرآن کے ناقل معدودے چند چار چھہ شخص بھی ہون گے تب بھی بنابر افادات آن حضرات کے تواتر حاصل ہو جائیگا چہ جائیکہ جب ہم یہہ قائل ہین کہ ناقلین اسکے بکثرت ہین کہ جسکے باعث تواتر مین کسی قسم کا شک و ریب نہین باقی رہتا

فرمائش اگر کفار تھے اور راونہین کی نقل پر یہہ وثوق تام حاصل جو مدار تمامی اصول و فروع دین ہے تو بعض فرق کفار کہ اپنے کتب وعقائد مین بھی بدعوی تواتر نزول وتعلیم من اللہ بتاتے ہین اونپر بھی وثوق ہو گا یا نہین۔

گذارش قرآن شریف کا من الرسول ہونا متواتر الثبوت ہے اور رجال تواتر مین باتفاق اہل اسلام اسلام کی ضرورت نہین لہذا بالفرض اگر وہ لوگ کفار بھی ہوتے جو قرآن کی رواۃ ہین تو کوئی حرج نہین اور یہہ کہ کفار کی نقل پر وثوق سے لازم آتا ہے کہ اونکے کتب وعقائد کو وہ بدعوی تواتر نزول وتعلیم

من اللہ بتاتے ہین اونپر بہی وثوق ہونا چاہیئے اوسکے دو جواب ہین الزامے و تحقیقی - الزامی یہہ کہ یہہ اعتراض مشترک الورود ہے کیونکہ اہل سنت نے بہی رجال تواترین اسلام کی قید نہین لگائی فما ہو جوابکم فہو جوابنا - تحقیقے یہہ کہ تواتر حسیات مین معتبر ہوتا ہے نہ عقلیات مین اور کفار کا اپنے کتب وعقائد کو منزل من اللہ و تعلیم الہی بتانا ایک ایسا امر ہے جسکا ثبوت عقل سے متعلق ہے لہذا اس بارےمین تواتر اونکا معتبر نہو گا -

فرمائش اور اگر معدودے چند تھے تو اونکی نقل پر تیقن کا ذریعہ کیا ہے -

گذارش جب حسب ارشاد اکابرین اہل سنت ثابت ہوا کہ معدودے چند کی نقل سے بہی تواتر ثابت ہو جاتا ہے اور تواتر مفید یقین ہے پس اونپر بہی تیقن کا وہی ذریعہ ہو سکتا ہے جو جماعت کثیرہ کی نقل پر ہوتا ہے حالانکہ دراصل ہم اسکے قائل نہین ہین کہ وہ معدودے چند شخص تھے -

فرمائش اور آیا وہ ذریعہ ایسا ہے جس سے ہم مخالف مذہب پر حجت الہیہ قائم کر سکتے ہین یا نہین -

گذارش جس طرح کہ اوس حالت مین کہ ذریعہ تیقن وہ تواتر ہو جو نقل کثیرین سے متحقق ہوا ہے مخالف مذہب پر ہم یہہ حجت نہین قائم کر سکتے کہ یہہ قرآن منزل من اللہ ہے اسیطرح اوس حالت مین بہی کہ جب ذریعہ تیقن وہ تواتر ہو جو معاودے چند کی نقل سے حاصل ہوتا ہے -

فرمائش اور اوسکا ثبوت ثبوت حقانیت قرآن پر مقدم ہو گا یا نہین -

گذارش جو ذریعہ تیقن نزول قرآن من اللہ کا ہو اور جو حجت الہیہ کہ قاہر مخالف اسلام ہو وہ ذریعہ اور حجت ضرور ثبوت حقانیت قرآن سے عند المخالف تقدم رکھتا ہے -

فرمائش قرآن کے سوا مسئلہ امامت وغیرہ شرائع غیر منصوصہ فی القرآن پر ذریعہ تیقن بھی اسی تفصیل سے بیان فرمایا جاوے۔
گذارش ہم نہین تسلیم کرتے کہ مسئلہ امامت غیر منصوص فی القران ہے انشاءاللہ تعالے بیان اسکا گذارش فرمائش چہارم مین آویگا اب باقی رہے شرایع غیر منصوصہ فی القران پس واضح ہو کہ ان امور مین ہم بفحوائے حدیث ثقلین عمل کرتے ہین اور جو کچھہ ہمین ائمہ طاہرینؑ کے ارشادات سے کہ وہ عین ارشاد نبوی ہے ثابت ہوتا ہے اوسے حق سمجھتے ہین اور اوسی کے موافق کاربند ہوتے ہین۔
فرمائش اور نیز ارشاد ہو کہ رواۃ شریعت نے آیا کوئی حکم شرع اخفا و تغییر کیا ہے یا نہین الخ۔
گذارش جو رواۃ شریعت کہ ہمارے یہان معتبر مانے گئے ہین اور جنکے اقوال پر وثوق حاصل ہے اونکی طرف بدنیتی سے اخفا و تغییر کی نسبت باطل ہے۔
فرمائش مسئلہ امامت ضروریات دین اسلام سے ہے یا نہین۔
گذارش اجماع کیا ہے امت نے سلفًا و خلفًا کہ بعد انقراض زمن نبوت زمین پر امام کا ہونا لابد ہے مگر شاذ کہ اونکی طرف کوئی اعتنا نہین کرتا۔ ظاہر ہے کہ سواد اعظم اسلام عبارت فرقہ سنی و شیعہ سے ہے اشاعرہ و معتزلہ تعیین امام کو خلق پر واجب جانتے ہین اشاعرہ کہتے ہین کہ یہہ ہمکو سمعًا معلوم ہوا اور معتزلہ کہتے ہین کہ یہہ ہمکو عقلاً معلوم ہوا۔ امامیہ کہتے ہین کہ حقتعالی پر واجب ہے یعنے منصوص بنص خدا اور رسول ہو تو خلافت منعقد ہوگی لہذا بعد ختم الانبیا صلے اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ امیرالمومنین یعسوب الوصیین علی مرتضے علیہ السلام کو جانتے ہین اور اس باب مین مدعی صدور نصوص کثیرہ کے حق جناب امامت مین ہین اور اہل سنت والجماعت حضرت ابوبکر صدیق کو

بعد حضرت رسول اللہ ؐ کے خلیفہ جانتے ہین اور انعقاد خلافت اونکے نزدیک تین عنوان سے ہوتا ہے اجماع ونص سابق وتسلط وظہور شوکت مستعد خلافت کے لیئے امر خلافت کافہ اسلام کے لیئے مردد فیہ ہے درمیان حضرت علی مرتضے اور حضرت ابوبکر صدیق کے اور قول خلافت حضرت عباس رضؓ عم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مستحدث تہا اور قابل قبول محققین اہل سنت کے بہی نہین ہوا علماء اہل سنت بعد اتفاق صحت خلافت صدیقی پر چند فرقے ہو گئے جمہور منکر نص کے ہین مطلقاً اور بالاجماع وجہ انعقاد خلافت صدیقی کو منحصر اجماع مین جانتے ہین اور بعض قائل نص جلی کے ہین اور بعض قائل نص خفی کے ہین تو اب اس سے آپ سمجھ لین یہہ امر یعنے نفس مسئلہ امامت ضروریات دین سے ہوگا یا نہو گا۔

فرمائش اگر ہے تو اوسپر من جانب اللہ نص جلی تہا یا نہین۔

گذارش یقیناً اوسپر من جانب اللہ نص جلے تہا جیسا کہ عنقریب ہم معتمدین واکابر حضرات اہل سنت کی زبانی ثابت کرین گے۔

فرمائش اوسکی تبلیغ نبی ؐ نے خفیہ طور پر فرمائی یا علے الاعلان۔

گذارش رسول اللہ ؐ نے تبلیغ اوس نص کی باعلان مقام متعددہ مین فرمائی منجملہ اونکے حدیث غدیر ہے۔

فرمائش اور وہ تبلیغ صاف وصریح ونص مفسر قاطع ہر شک وظن واحتمال تہی

گذارش وہ تبلیغ صاف وصریح قاطع ہر شک وظن واحتمال ہے ہمہ اپنی اپنی سمجھ کا ہے۔

فرمائش یا گول بات جسمین تاویلات کو دخل رہے۔

گذارش وہ گول بات نہ تہی بلکہ نہایت صاف و واضح کہ جس سے تمام حضار

آپکے مطلوب سے بخوبی آگاہ ہوگئے تھے اور کسی تاویل کو اوسمین دخل نہ تہا جو کچہہ تاویلات کیگئی وہ بعد اوس زمانہ کے محض دنیا پرستی کے لیئے کی گئی تاویلات کا باب کوئی مسدود نہین کرسکتا۔ اور تعدد فرقہ اہل اسلام کے ہین ہر فرقہ اپنے اپنے مذہب پر کتاب وسنت سے دلیل لاتا ہے تو کیا کتاب و سنت سب گول بات ہوگئی۔

فرمائش اگر نص مفسر تہا تو بسند احادیث ہے یا مثل سائر ضروریات دین متواتر اگر متواتر ہے تو اوسکے منتہی الاسانید کتنے اور کون کون لوگ۔

گذارش وہ نص متواترات سے ہے اور وہ قول ہے آنحضرتؐ کا غدیر خم مین من کنت مولاہ فعلی مولاہ الخ۔ تفصیل اس اجمال کی ملخصاً بور وایات واحادیث مرویہ حضرات اہل سنت والجماعت سے ثابت ہے یہہ ہے کہ پہلے اللہ تعالے نے وحی طرف جناب رسالتماب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بہیجی کہ مولائیت جناب امیر المومنین علیہ السلام کی خلق کو پہونچادین آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اوسکی تبلیغ سے خوف کیا کہ مبادا لوگ فتنہ وفساد آغاز کرین۔ اپنی تنہائی کے بجہت کمی مخلصین تنگدل ہوئے اور بعلم الیقین جانا کہ لوگ جو بے یقین ہین تکذیب آنحضرتؐ کی کرین گے۔ پروردگار سے عرض کیا کہ کیونکر اس رسالت کو پہونچاؤن حالانکہ تنہا ہون حقتعالے نے جواب مین اس عرض کے ارشاد فرمایا کہ اے رسول پہونچادے جو کچہہ نازل کیا گیا ہے تیری طرف اور اگر نکیا پس تبلیغ نہ کی رسالت کی اوسکی اور خدا حفظ تیرا لوگون سے کریگا۔ جب یہہ ارشاد ہدایت بنیاد جس سے غرض ظاہر کرنا نہایت عظمت وجلالت اس رسالت کا تہا نازل ہوا غدیر خم مین کہ وہ موضع قابل نزول دتوقف کے نتہا ہوا مین بہت حرارت وگرمی تہی جس سے لوگ خواہش

سایہ کی اپنے چارپایون اور چادر و نگی اُڑ مین کرتے تہے وہان جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بحکم الٰہی توقف فرمایا اور وہ جگہہ ایسی تہی جہان خس و خاشاک کی کثرت تہی - پس جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صاف کرنے کا حکم دیا اوس موضع کو لوگون نے صاف کیا اور ایک منبر کجاوونسے ترتیب دیا وہ صحابہ کہ اوسوقت حاضر تہے ایک لاکہہ بیس ہزار سے تہے اور معلوم تہا کہ مثل اس اجتماع کے بعد اسکے نہوگا کہ آخر حج تہا اور وہ زمانہ تہا کہ جس سے وقت رحلت نبوی کا ریاض قدس کیطرف قریب تہا آنحضرت ؐ نے لوگون کے اجتماع کا حکم دیا یہانتک کہ جو لوگ پیچہے رہگئے تہے پہونچ گئے اور جو لوگ آگے بڑہ گئے تہے اوس مقام کی طرف پہر آئے جب لوگ جمع ہوگئے آنحضرت ؐ اوس منبر پر جو کجاوون سے ترتیب دیا گیا تشریف لیگئے اور جناب امیر المومنین علیہ السلام کو اپنے برابر کہڑا کرلیا اور حضرت امیر علیہ السلام کو اتنا بلند کیا کہ سپیدی زیر بغل اقدس دیکہائی دینے لگی حضرت امیر المومنین ؑ کو سب نے دیکہا پس ارشاد فرمایا کہ اے لوگو بتحقیق کہ خبر دی مجکو خدائے تعالےٰ نے کہ زندہ نہین رہا کوئی نبی مگر نصف عمر اوس نبی کے کہ قبل اوسکے ہوا ہو - مین گمان کرتا ہون کہ عنقریب طلب کیا جاؤنگا پس اجابت دعوت اپنے پروردگار کی کرون اور مین سوال کیا جاؤنگا اور تم بہی سوال کیئے جاوگے - تم کیا جواب دوگے - لوگون نے عرض کیا گواہی دیتے ہین ہم بتحقیق کہ آپنے تبلیغ کی اور کوشش فرمائی اور نصیحت کی حقتعالےٰ آپکو جزائے خیر دے جب لوگون نے اس معنے کا اعتراف کیا - آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا - کیا گواہی نہین دیتے ہو کہ خدا نہین ہے سوائے خدائے برحق کے اور محمد ؐ بندہ اور رسول اوسکا ہے اور جنت حق ہے

اور نار حق ہے اور موت حق ہے اور روز قیامت آنیوالا ہے شک نہین ہے
اوسمین اور تحقیق کہ پروردگار مبعوث کریگا لوگون کو قبرون سے سب نے
کہا ہان گواہی دیتے ہین ہم ساتھ ان سب باتون کے ہرگاہ ان
امور کا جو مشتمل اصول دینیہ پر سواے امامت کے تھے اعتراف و
اقرار لے لیا خطاب طرف حقتعالی کے کرکے عرض کیا کہ بار الہا گواہ رہ
پھر خطاب لوگون کی طرف کرکے فرمایا کہ اے لوگو تحقیق کہ مین اولی اساتھ
تمہارے نفسون تمہارے سے نہین ہون سب نے کہا بلے یعنی ہان
پھر آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا تحقیق کہ حق تعالی مولی میرا ہے اور مین
مولی مومنین کا ہون اور مین اولی ہون اون سے ساتھ نفسون اونکی
کے پس جو کوئی کہ مین مولی اوسکا ہون علیؑ مولی اوسکا ہے۔ اور پھر
دعا حق مین معادیان و مبغضان جناب امیر المومنین علیہ السلام کے
بموالات و معادات فرمائی پھر حکم بتمسک ثقلین یعنے قرآن و اہلبیت کی
دیا اور ارشاد فرمایا کہ یہ بحکم الہی جدا نہونگے تا روز قیامت۔ اور جسوقت
جناب رسالتمآب نے یہ رسالت پہونچائی آیہ اکملت لکم دینکم
الخ نازل ہوا یعنی بجہت ابلاغ اس رسالت کے حق تعالی نے فرمایا کہ آج کے
دن کامل کیا مینے واسطے تمہارے دین تمہاریکو اور تمام کیا مینے اوپر تمہارے نعمت
اپنی کو اور پسند کیا مینے واسطے تمہارے اسلام کو از روے دین کے۔ پس مولائیت کو
جناب امیر علیہ السلام کی موجب کمال دین و تمام نعمت و پسند کردن دین اسلام کا قرار دیا۔ جناب
رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بعد نزول اس آیہ کی ارشاد فرمایا اللہ اکبر اوپر اکمال دین و اتمام نعمت
کے اور راضی ہونے رب کی ساتھ رسالت میری اور ولایت علی ابن ابیطالب کی بعد میرے
بیان محدثین جلیل الشان و علماء اعیان روایت کرتے ہین کہ یہ آیہ وافی ہدایہ واقعہ غدیر خم

مین نازل ہوا بائیس کی فہرست تو اسوقت حاضر ہے وکلہم من السنت والجماعت اونمین سے ہم چند کی روایات لکھتے ہین اگر آپ خواہش کرینگے تو باقی اور ونکی روایات بہی تحریر کر دیئے جاوینگے

فہرست اسماء محدثین و علما جو کہ روایت کرتے ہین کہ نزول آیۂ تبلیغ واقعہ غدیر مین ہوا

وہ ابن ابی حاتم عبد الرحمن بن محمد و احمد بن عبد الرحمن الشیرازی و احمد بن موسے بن مردویہ و احمد بن محمد الثعلبی و ابو نعیم احمد بن عبد اللہ و علی بن احمد الواحدی و مسعود بن ناصر السجستانی و عبید اللہ بن عبید اللہ الحکانی و ابن عساکر علی ابن الحسن و محمد بن عمر الرازی و محمد بن طلحۃ النصیبی و عبد الرزاق بن رزاق اللہ الرسعی و حسن بن محمد النیشاپوری و علی بن شہاب الدین الہمدانی و علی بن محمد المعروف بابن الصباغ و محمود بن احمد العینی و عبد الرحمن بن ابی بکر السیوطی و محبوب عالم بن صفی الدین جعفر و حاجی عبد الوہاب بن محمد و جمال الدین عطاء اللہ بن فضل اللہ الشیرازی و شہاب الدین احمد و مرزا معتمد خان ہین۔

منجملہ اونکے روایت ابو محمد عبد الرحمن بن محمد الشہیر بابن ابی حاتم نزول آیہ یاایہا الرسول بلغ الخ۔ کو واقعہ غدیر مین روایت کیا ہے جلال الدین سیوطی نے اپنی تفسیر در منثور مین کہا ہے اخرج ابن ابی حاتم وابن مردویہ وابن عساکر عن ابی سعید الخدری قال نزلت ھذہ الآیۃ یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک علے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یوم غدیر خم فے علے ابن ابی طالب۔

تنبیہ جلالت شان ابن ابی حاتم کی مثل جو حاتم کے مشہور و معروف ہے کتاب سیر النبلا جو تصنیف شمس الدین بن احمد ذہبی کی ہے اوسمین ملاحظہ فرمایئے اور محاسن علامہ سیوطی کی لواقح الانوار مین جو تصنیف عبد الوہاب شعرانی کی ہے موجود ہین یہہ سیوطی وہ شخص ہین کہ منجملہ اونکے محاسن کے جو لواقح الانوار مین ہین۔

یہہ ہے کہ زیارت جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عالم بیداری مین ستر مرتبہ سے زیادہ مشرف ہوئے۔

منجملہ اونکے ابوبکر احمد بن موسے بن مردویہ الاصفہانی نزول آیہ یا ایہا الرسول بلغ الخ واقعہ غدیر خم مین روایت کرتے ہین درمنثور مین علامہ سیوطی نے کہاہے واخرج ابن مردویہ عن ابن مسعود قال کنا نقرأ علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک ان علیاً مولی المومنین وان لم تفعل فما بلغت رسالتہ واللہ یعصمک من الناس۔

تنبیہہ محامد ابن مردویہ کچھ پوشیدہ نہین ہین منجملہ اوسکے تذکرۃ الحفاظ جو تصنیف ذہبی ہے موجود ہین علاوہ اسکے حصن حصین مین محمد بن الجزری نے کتاب ابن مردویہ کو ماخذ اپنا قرار دیا ہے منجملہ اونکے روایت کیاہے ابو اسحق احمد بن محمد بن ابراہیم الثعلبی النیشاپوری نے نزول آیہ شریفہ کو واقعہ غدیر خم مین اونکی تفسیر جو مسمی بالکشف و البیان عن علوم القرآن ہے اوس تفسیر مین اس آیہ کی مذکور ہے قال ابو جعفر محمد بن علی معناہ بلغ ما انزل الیک من ربک فی فضل علی ابن ابیطالب فلما نزلت ہذہ الآیۃ اخذ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بید علی فقال من کنت مولاہ فعلی مولاہ اخبرنا۔ ابوالقاسم یعقوب بن احمد بن السری انا ابوبکر محمد بن عبد اللہ بن محمد نا ابومسلم ابراہیم بن عبد اللہ الکجی نا حجاج بن منہال نا حماد عن علی بن زید عن عدی بن ثابت عن البراء قال لما نزلنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی حجۃ الوداع کنا بغدیر خم فنادی ان الصلوۃ جامعۃ وکسح للنبی صلی اللہ علیہ وسلم تحت الشجرتین فاخذ بید علی فقال الست اولی بالمومنین من انفسہم قالوا بلی یا رسول اللہ قال الست اولی بکل مومن من نفسہ قالوا بلی قال ہذا مولی من انا مولاہ اللہم وال من والاہ وعاد من

عاداہ قال فلقیہ عمر فقال ھنیئاً لک یا ابن ابی طالب اصبحت وامسیت مولیٰ
کل مؤمن ومؤمنۃ اخبرنی ابو محمد عبد اللہ بن محمد القاینی نا ابو الحسین محمد بن
عثمان النصیبی نا ابو بکر محمد بن الحسن السبیعی نا علی بن محمد الدہان والحسین
بن ابراہیم الجصاص نا حسین بن حکم نا حسن بن حسین عن حبّان عن الکلبی
عن ابی صالح عن ابن عباس فی قولہ تعالیٰ یٰاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ
رَّبِّكَ الایہ قال نزلت فی علی امر النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان یبلغ فیہ فاخذ رسول
صلی اللہ علیہ وسلم بید علی فقال من کنت مولاہ فعلی مولاہ اللھم وال من والاہ وعاد من عاداہ
ثعلبیہ ثقاقت ودیانت صلاح وامانت وجلالت وعلو مرتبت وریاست وتوحد وامامت
ثعلبی کی مشہور ہے شاہ ولی اللہ صاحب والد ماجد شاہ عبد العزیز صاحب نے اونکی
محامد عظیمہ کا ذکر کیا ہے مطالعہ کتاب ازالۃ الخفا سے ظاہر وباہر ہے۔

منجملہ اونکے روایت ابو سعید مسعود بن ناصر السجستانی۔ نزول آیہ شریفہ کتاب درایہ
حدیث الولایہ مین اپنی اسناد کے ساتھ ابن عباس سے روایت کی ہے امر رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ان یبلغ بولایۃ علی فانزل اللہ عزوجل یٰاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ
اِلَیْكَ الایہ فلما کان یوم غدیر خم قام فحمد اللہ واثنی علیہ وقال صلی اللہ علیہ وسلم
فمن کنت مولاہ فعلی مولاہ اللھم وال من والاہ وعاد من عاداہ
واحبّ من احبّہ وابغض من ابغضہ وانصر من نصرہ واعزّ
من اعزّہ واعن من اعانہ۔

تنبیہ مسعود سجستانی اکابر معتبرین مین سے ہین کتاب انساب سمعانی
سے اون کے مدایح ظاہر ہین۔

منجملہ اونکے روایت ابو القاسم عبید اللہ بن عبد اللہ الحسکانی
نزول آیہ یا ایھا الرسول الخ واقعہ غدیر خم مین پس مجمع البیان مین

تفسیر مین اس آیہ وافی ہدایہ کے بعد نقل روایت عیاشی کے باین الفاظ ہے
عن ابن عمیر عن ابن اذینۃ عن الکلبی عن ابی صالح عن عبد اللہ بن عباس
وجابر بن عبد اللہ قال امر اللہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان ینصب علیاً
علماً للناس فیخبرھم بولایتہ فتخوف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان
یقولوا حالی ابن عمہ وان یطعنوا فی ذلک علیہ فاوحی اللہ الیہ ھذہ للایۃ
فقام علیہ السلام بولایتہ یوم غدیر خم کہا ہے وھذا الخبر بعینہ
قد حدثناہ السید ابو الحمد عن الحاکم الحسکانی باسنادہ
عن ابن ابی عمیر فی کتاب شواھد التنزیل فی قواعد التفضیل
تنبیہ مخفی نہرہے کہ ابو القاسم حسکانی اجلہ علماے شفنین وعمدہ کملائی محدثین
واثبات نحاریر ممدوحین وثقات جہابذہ معتمدین سے ہین مدائح اونکی طبقات الحفاظ
علامہ سیوطی سے ظاہر ہین -
منجملہ اونکے روایت ابن عساکر الدمشقی - نزول آیہ یا ایھا الرسول بلغ ما انزل
الیک واقعہ روز غدیر مین - سابقاً ذکر روایت ابن ابی حاتم مین عبارت
در منثور سیوطی سے معلوم ہوا -
تنبیہ محامد ابن عساکر کی کتاب معجم الادبا و یاقوت حموی و وفیات الاعیان ابن خلکان
وتذکرۃ الحفاظ ذہبی و تاریخ یافعی وغیرہ سے بکمال وضوح ظاہر ہین -
منجملہ اونکے روایت سید علی بن شہاب الدین الھمدانی کتاب مودۃ القربی مین
دربارہ نزول آیہ شریفہ کے کہا ہے عن براء بن عازب رض قال اقبلت
مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی حجۃ الوداع فلما کان بغدیر خم
نودی الصلوۃ جامعۃ فجلس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تحت
شجرۃ واخذ بید علی وقال الست اولی بالمومنین من انفسھم قالوا

بلی یا رسول اللہ فقال الا من انا مولاہ فعلی مولاہ اللھم وال من والاہ وعاد من عاداہ فلقیہ عمرؓ فقال ھنیئاً لک یا علی بن ابیطالب اصبحت مولائی و مولا کل مومن و مومنۃ و فیہ نزلت یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک الآیہ۔

تنبیہ مخفی نہین ہے کہ سید علی ہمدانی نزدیک حضرات اہل سنت کے عالم ربانی ولی ہمدانی برگزیدہ جناب ربانی جامع کمالات انسانی وحاوی غرائب کرامات مثل احیاء اموات وغیرہ کے ہین۔

منجملہ اونکے روایت شیخ نورالدین علی محمد المعروف بابن الصباغ نزول آیہ یا ایھا الرسول بلغ الخ۔ بروز غدیر خم۔ چنانچہ کتاب فصول مہمہ فی معرفۃ الائمہ مین کہا ہے روی امام ابوالحسن الواحدی فی کتابہ المسمی بہ اسباب النزول یرفعہ بسندہ الی ابی سعید الخدری رض قال نزلت ھذہ الآیۃ یا ایھا الرسول بلغ ما انزل من ربک یوم غدیر خم فی علی ابن ابی طالب۔

تنبیہ ابن صباغ اکابر علماء مالکیہ واجل فضلائے مشاہیر واعاظم فقہائے نحاریر سے ہین۔ اساطین محققین سنیہ اپنے مصنفات مین اونسے نقل کرتے ہین جواہر العقدین وتفسیر شاہی کے ناظر پر مخفی نہین ہے۔ احمد بن عبدالقادر شافعی کے ذخیرۃ المآل کے ملاحظہ سے جلالت شان اس کتاب مصنف کی ظاہر ہے

منجملہ اونکے روایت علامہ بدرالدین محمود بن احمد العینی کی نزول مین آیہ شریفہ کے واقعہ روز غدیر مین۔ کتاب عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری کتاب التفسیر مین کہا ہے مرج یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک ش ای ھذا باب فی قولہ تعالی یا ایھا الرسول بلغ ما انزل۔ ذکر الواحدی من

حدیث الحسن بن حماد مجادۃ قال ثنا علی بن عیاش عن الاعمش وابی الجحاف عن عطیته عن ابی سعید قال نزلت ھذہ الآیۃ یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک۔ یوم غدیر خم فی علی ابن ابیطالب رضی اللہ عنہ بعد اسکے چند مفسرین کے قول مختلف لکھے ہین پھر کہا ہے قال ابوجعفر محمد بن علی بن حسین معناہ بلغ ما انزل الیک من ربک فی فضل علی ابن ابیطالب رضی اللہ عنہ فلما نزلت ھذہ الآیۃ فاخذ بید علی و قال من کنت مولاہ فعلی مولاہ صاحبان تامل پر پوشیدہ نہین ہے کہ علامہ عینی عمدہ منقدین سے ہین صدر اقوال مین نزول آیہ شریفہ روز غدیر مین بحق جناب امیر علیہ السلام واحدی سے کہا ہے اور پھر بعد چند قول کے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ معنائے کلام ربانی اس طور پر ہین جیسا کہ مذکور ہوئے اس سے غرض ہماری یہہ ہے کہ بعض محققین علمائے اہل سنت نے کہا ہے کہ مقدم کرنا کسی قول کا دلیل ہے اوسکی ترجیح پر نزدیک علما کے اس صورت مین مقدم کرنا عینی کا روایت واحدی کو باقی اقوال پر دلیل واضح ترجیح پر ہے اور جب یہہ تقدم موید ہے قول سے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کے تو پایہ ترجیح کی قوت ظاہر وباہر ہے۔

تنبیہ موج عینی کی ذیل طاہر سخاوی اور بغیۃ الوعات سیوطی اور اعلام الاخیار سلیمان الکفوی وغیرہ سے روشن ہے۔

منجملہ اونکے روایت علامہ سیوطی کی متعلق نزول آیہ شریفہ یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الخ۔ مذکور ہوچکی۔ اس جگہہ تمام عبارت اونکی جو متعلق اس آیہ کی تفسیر سے ہے لکھی جاتی ہے قال فی در المنثور قولہ تعالی یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک۔ اخرج ابو الشیخ عن الحسن ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ والمسلم قال ان اللہ بعثنی برسالتہ نضقت بھا ذرعا وعرفت ان الناس

مکۃ بی فوعدنی لا یبلغن اولیعذ بنی فانزلت یاایھا الرسول بلغ ما
انزل الیک من ربک واخرج عبد بن حمید وابن جریر وابن ابی حاتم
وابوالشیخ عن مجاھد قال لما نزلت بلغ ما انزل الیک من ربک قال
یارب انما انا واحد کیف اصنع یجتمع علی الناس فنزلت وان لم تفعل فما
بلغت رسالتہ واخرج ابن جریر وابن ابی حاتم عن ابن عباس وان لم تفعل فما
بلغت رسالتہ یعنی ان کتمت ایۃ مما انزل الیک لم تبلغ رسالتہ واخرج ابن ابی
حاتم وابن مردویہ وابن عساکر عن ابی سعید الخدری قال نزلت ھذہ الآیۃ
یاایھا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یوم غدیرخم فی علی بن ابی طالب واخرج ابن مردویہ عن ابن مسعود قال کنا
نقرأ علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یاایھا الرسول بلغ ما انزل الیک
من ربک انّ علیاً مولی المومنین وان لم تفعل فما بلغت رسالتہ واللہ
یعصمک من الناس واخرج ابن ابی حاتم عن عنزۃ قال کنت عند
ابن عباس فجاءہ رجل فقال ان اناسا یاتونا فیخبرنا ان عندکم
شیئا لم یبدہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للناس فقال
الم تعلم ان اللہ قال یاایھا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک
واللہ ما ورثنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوداء فی بیضاء

تنبیہ واضح ہو کہ نقل کرنا علامہ سیوطی کا نزول آیہ کریمہ کو واقعہ
خم غدیر مین اساطین ائمہ سے درمنثور مین دلیل شافی وبرہان
وافی ہے اسکے اعتماد پر اور وہ قاطع ہر شک وظن واحتمال ہے
بچند وجوہ پہلے یہ کہ عبارت سیوطی سے ظاہر ہوتا ہے کہ نزدیک
اون کے نزول آیۂ کریمہ واقعہ غدیر مین ثابت ومحقق

ہے اسواسطے کہ اوسکے خلاف نقل اس آیہ کی تفسیر مین نہین کی اور روایت
حسن کی جو پہلے ان روایتون کے ذکر کی ہے روایت واقعہ غدیر سے اوسکو منافات
نہین ہے اوسمین مذکور ہے ان اللہ بعثنی برسالتہ فضقت بہاذرعا
اسمین لفظ رسالت کی مجمل ہے ہرگز انکار نہین رکھتا حمل کرنا اوسکا اوپر رسالت
امامت و وصایت جناب امیر علیہ السلام کے بلکہ ذکر ضیق ذرع درفان تکذیب
موید حمل اس آیہ کا ہے اسی واقعہ پر اور اسی طرح سے روایت مجاہد کی اور اسیطرح
دونو روایتین ابن عباس کی نفی نزول پر اس آیہ کے واقعہ غدیر خم مین دلالت
نہین کرتین کسی وجہ سے دوسرے یہہ کہ خطبہ در منثور سے واضح ہے کہ یہ
کتاب مصداق احیاے ایز وغفور را آثر آثار بعد وثور ہے اور سیوطی نے اس
کتاب مین باسناد عالی اخبارات ماثورہ جمع کئے ہین اور کتب معتبرہ سے تخریج
کی ہے تیسرے یہہ کہ علامہ سیوطی نے جابجا درمنثور مین بعضے روایتونکی ضعف
کی تصریح کی ہے لیکن الحمد اللہ کہ دونون روایتین جو متعلق بہ نزول آیہ مذکورہ
واقعہ غدیر مین ہین اوسمین اصلا قدح نہین کی اور چونکہ مولوی حیدر علی صاحب
مصنف منتہی الکلام نے جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ کی ایسی روایت سے تعرض
کرنے کو جو غرابت شذوذ پر مشتمل ہے اس امر کی دلیل قرار دیا ہے کہ جس روایت کی
صدوق علیہ الرحمہ نے تضعیف نہین کی وہ معتبر و قابل احتجاج ہر لہذا حسب
افادہ صاحب منتہی الکلام یہہ ثابت ہوا کہ سیوطی نے جن احادیث کی تضعیف
نہین کے وہ معتبر و قابل احتجاج ہین۔

منجملہ اونکے روایت محمد محبوب عالم بن صفی الدین جعفر المعروف ببدر عالم کی ہی تفسیر
شاہی مین اس آیہ شریف کی تفسیر مین بعد ترجمہ کہا ہے - وفی النیشاپوری عن ابی سعید
الخدری ھذہ الآیۃ نزلت فی فضل علی ابن ابی طالب

رضی اللہ تعالےٰ عنہ یوم غدیر خم فاخذ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بیدہ
قال من کنت مولاہ فعلے مولاہ فلقیہ عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ و قال ھنیئاً لک یا ابن
ابی طالب اصبحت مولائی و مولی کل مومن و مومنۃ وھو قول ابن عباس
والبراء بن عازب و محمد بن علے رضی اللہ تعالی عنھم اور سوائے اس روایت
کے اور کوئی روایت مخالف اسکے نہین کی۔
تنبیہ مخفی نرہے کہ شاہ صاحب تحفہ کے باب سیوم مین تفسیر شاہی کے معتمد و
معتبر ہونے کا اعتراف کرتے ہین اور کہتے ہین کہ اہل سنت نیز از حضرت امام موصوف
و دیگر آئمہ در تفسیر روایات دارند چنانچہ در درمنثور مبسوط اند و در تفسیر شاہی
مجموع و مضبوط اما آنچہ شیعہ از جناب آئمہ روایت می کنند ہرگز بآن مطابق نے
شود انتہی۔ معتقدین شاہ صاحب بعد اسکے ہرگز انکار نکرین گے نزول سے آیہ
شریفہ کے واقعۂ غدیر مین اسواسطے کہ تفسیر شاہی اور درمنثور دونون مین مذکور ہے
منجملہ اونکے حاجی عبدالوہاب بن محمد رفیع الدین احمد نے اپنی تفسیر مین آیہ
قل لا اسألکم علیہ اجراً الا المودۃ فے القربےٰ کی تفسیر مین ذکر مین فضائل
جناب امیرالمومنین علیہ السلام کے کہا ہے عن البراء بن عازب رضی اللہ عنہ
قال فے قولہ تعالیٰ۔ یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک۔ ای
بلغ من فضائل علےؑ نزلت فے غدیر خم فخطب رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وسلم۔ ثم قال من کنت مولاہ فھذا علےؑ مولاہ فقال عمر رضی اللہ عنہ
بخ بخ لک یا علےؑ اصبحت مولائی و مولا کل مومن و مومنۃ رواہ ابو نعیم
و ذکرہ ایضاً الثعلبی فے کتابہ
تنبیہ حاجی عبدالوہاب نزدیک اہل سنت کے اکابر فضلا و علماء مقبولین
و اجلہ مشہورین و معروفین مین سے ہین مدح اونکی کتاب اخبار الاخیار مصنفہ شیخ

عبد الحق دہلوی اور تذکرۃ الابرار سید محمد بن سید جلال ماہ عالم سے واضح اور لائح
منجملہ اونکے عطاء اللہ بن فضل اللہ شیرازی معروف بجمال الدین محدث نزول
آیہ شریفہ کو واقعہ خم غدیر مین روایت کرتے ہین کتاب اربعین فضائل جناب
امیر علیہ السلام مین بعد ذکر قصہ حارث کے ذکر حدیث غدیر مین کہا ہے اقول
اصل ھذا الحدیث سوی قصۃ الحارث تواتر عن امیر المومنین
علیہ السلام وھو متواتر عن النبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ایضاً
رواہ جمع کثیر وجم غفیر من الصحابۃ فرواہ ابن عباس ولفظہ قال
لما امر النبی ان یقوم بعلے ابن ابیطالب المقام الذی قام بہ فانطلق النبی
الی مکۃ فقال رائیت الناس حدیثی عہد بکفر ومتے افعل ھذا بہ یقولون
صنع ھذا بابن عمہ ثم مضی حتیٰ قضی حجۃ الوداع ثم رجع حتی اذا
کان بغدیر خم انزل اللہ عزّ وجل۔ یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیک
من ربک الآیۃ۔ فقام منادفنادی الصلوٰۃ جامعۃ ثم قام واخذ بید
علےؑ فقال من کنت مولاہ فعلے مولاہ اللّٰھمّ وال من والاہ وعاد من
عاداہ اس عبارت سے ظاہر ہے کہ بتصریح جمال الدین محدث وابن عباس نے
حتماً وقطعاً وجزماً نزول آیہ شریفہ کو واقعہ خم غدیر مین روایت کیا ہے اور
جلالت کتاب اربعین کی خطبہ سے اوسکے ظاہر ہے۔

تنبیہ مخفے نرہے کہ جمال الدین محدث اعیان محدثین معتبرین وحذاق
معتمدین اہلسنت سے ہین اور اکابر سنیہ اونکے منقولات پر وثوق واعتبار
رکھتے ہین اور اپنے دعوی پر اونکے اقوال کے ساتھہ استدلال کرتے ہین۔
جمال الدین محدث مشائخ اجازہ شاہ صاحب ووالد ماجد اونکے سے ہین
چنانچہ رسالہ اصول حدیث شاہ صاحب سے ظاہر ہے اور نیز بجواب طعن سیوم

از مطاعن ابی بکر روضۃ الاحباب ہے کہ مصنفہ جمال الدین محدث ہے شاہ صاحب
سنے احتجاج و استناد کیا ہے اور کلام اونکا اثبات پر دلالت رکھتا ہے کہ کتاب
روضۃ الاحباب تواریخ معتبرہ سے ہے اور افادہ ملا علی قاری سے اول شرح
مشکوۃ مین ظاہر ہے کہ جمال الدین محدث اوپر اکابر علما و مشاہیر مقتدایان
سنیہ مثل ملا علی متقی و دیگر مشایخ حرم محترم مثل علامہ شیخ عطیہ سلمی و اسمعیل
شروانی کے ترجیح و تفصیل رکھتی ہین اور نیز بتصریح ملا علی قاری کے مرقاۃ مین
بیچ شرح حدیث لا تدخلون الجنۃ حتی تومنوا الخ۔ ظاہر ہے کہ جمال الدین
محدث مشائخ کبار سے ہے اور حسین بن محمد دیار بکری نے تاریخ خمیس نے احوال
نفس نفیس مین روضۃ الاحباب جمال الدین محدث کو کتب معتبرہ سے شمار کیا
ہے اور ملا یعقوب لاہوری خیر جاری مین روضۃ الاحباب سے نقل کرتے ہین
غرض کہ جمال الدین محدث کی جلالت شان مین کسی کو اکابرین اہل
سنت سے کلام نہین۔

منجملہ اونکے روایت مرزا محمد بن رستم معتمد خان الحارثی البدخشی کی ہے کتاب
مفتاح النجا فی مناقب آل عبا مین ذکر مین آیات نازلہ حق امیر المومنین علیہ السلام
مین کہ اونکے بعد ایک کلمہ بلیغ بھی کہا ہے الآیات النازلۃ فی شان امیر المومنین
علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کثیرۃ جدا لا استطیع استیعابہا فاوردت
فی ہذا الکتاب لبہا و لبابہا فرماتے ہین واخرج ای ابن مردویہ عن زر عن عبد اللہ
رض قال کنا نقراء علی عہد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یا ایہا الرسول بلغ
ما انزل الیک من ربک ان علیا امیر المومنین وان لم تفعل فما بلغت رسالتہ واللہ [یعصمک]
من الناس اخرج عبد الرزاق الرسعنی عن ابن عباس رض قال لما نزلت ہذہ الآیۃ یا ایہا الرسول

بلغ ما انزل الیک من ربک - اخذ النبی بید علی فقال من کنت مولاہ فعلی
مولاہ اللهم وال من والاہ وعاد من عاداہ
واخرج ابن مردویہ عن ابی سعید الخدری رضی
مثلہ وفی آخرہ فنزلت - الیوم اکملت لکم دینکم
الآیہ - فقال النبی الله اکبر علی اکمال الدین و
اتمام النعمة ورضی الرب برسالتی والولایة
لعلی ابن ابیطالب -

تنبیہ مخفی نرہے کہ مرزا معتمد خان اکابر علماے
جلیل الشان ومشاہیر فضلاے اعیان اہلسنت سے
ہین فاضل رشید نے لہ ایضاح لطافة المقال مین اونکی
مدح کی ہے اور مولوی حیدر علی نے ازالة العین کتاب
مفتاح النجا اور اوسکے مصنف کا ذکر کیا ہے -
منجملہ اونکے روایت شہاب الدین احمد نزول آیہ
شریفہ واقعہ غدیر مین - پس کتاب توضیح الدلائل
علی ترجیح الفضائل مین کہا ہے - قولہ تعالی - یا ایہا
الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک وان لم تفعل
فما بلغت رسالتہ والله یعصمک من الناس و
بالاسناد المذکور عن ابی الجاء ودانی لحمرہ
قال یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیک نزلت فی شان الولایة
وفی روایة ابوبکر بن عیاش عن عاصم عن زر عن
عبد الله بن مسعود رضی الله تعالی عنہ

لہ ایضاح
لطافة المقال مین بعد ذکر کے
اشخاص عدیدہ کو جنکو علماے کبار و فضلاے نامی
اہلسنت سے شمار کیا ہے وسوا انکے دیگر فضائل اہل بیت اطہار
اہلسنت رسائل منفرد درج کیے ہیں رسالہ مناقب السادات
تالیف نمودہ شرح رسالہ شہاب الدین بن عمر دولت آبادی و
از ملک العلماء شہاب الدین و نزل الابرار
مفتاح النجا فی مناقب آل العبا از میرزا محمد
بن معتمد خان بدخشی و مودة القربی از سید علی ہمدانی
باصح من مناقب اہل البیت الاطہار از
لمعانی مناقب علی ابن ابی طالب از
و اسنی المطالب جواہر العقدین
جزاے و فضائل اہل بیت از نورالدین سمہودی و
در فضل اہل بیت النبی و شرح العلامہ بامام السیوطی
در رسالہ امام نسائی در مناقب علی و اتحاف السادات
مصنفات وغیرہ ... و کتب بسیار از
تشدہ و ... رسائل اہل بیت اطہار
و ... بمقابلہ در فضائل اہل بیت و غیرہ
... مولفہ ... العباد ... تالیف کردہ
رسائل و کتب ... اہلسنت ... بانی
... [illegible] ... علماے اہلسنت
... انتہی

عنہ قال کنّا نقرأ علی عہد رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وبارک وسلم یا ایّہا الرسول بلّغ ما انزل الیک من ربّک انّ علیاً مولی المومنین وان لم تفعل فما بلغت رسالتہ واللہ یعصمک من الناس۔ جلالت شان اس کتاب کی اوسکے خطبہ سے ظاہر ہے۔ اور ذکر کتاب توضیح الدلائل مابعد مین آئیگا انشاء اللہ تعالیٰ۔

منجملہ اونکے فخر الدین محمد بن عمر الرازی نے تفسیر کبیر مسمّی بمفاتیح الغیب مین شان نزول مین آیۂ مذکورہ کے نوقول بیان کرکے کہا ہے العاشر نزلت ہذہ الآیۃ فی فضل علیؓ ولما نزلت ہذہ الآیۃ اخذ بیدہ وقال من کنت مولاہ فعلی مولاہ اللہم وال من والاہ وعاد من عاداہ فلقیہ عمرؓ فقال ہنیئاً لک یابن ابیطالب اصبحت مولائی ومولیٰ کل مومن ومومنۃ وھو قول ابن عباس والبراء بن عازب ومحمد بن علی۔ واضح ہو کہ بلاغت قرآن مجید مین کسیکو انکار نہین بنابراسکے ضرور ہے کہ کلام وخطاب موافق مقتضاے حال کے ہو پس اس آیۂ شریفہ مین اللہ تعالیٰ نے عدم تبلیغ پر تہدید فرمائی اور تبلیغ پر تشجیع۔ واجب ہے کہ جس امر میں یہ اہتمام فرمایا گیا ہے وہ امر بھی نہایت ہی بزرگی رکھتا ہو کہ تبلیغ نہ کرنا اوسکا بمنزلہ عدم تبلیغ رسالت کے کافۃً شمار کیا جاوے نہ یہہ منجملہ امور سہلہ خفیفہ ہوا اور یہہ امر نہایت ظاہر ہے۔ امام فخر الدین رازی نے سبب نزول آیۂ شریفہ مین جو وجوہ عشرہ کو ذکر کیا ہے سواے وجہ عاشر کے جسکا ذکر ہو چکا وجوہ تسعہ صلاحیت سبب نزول کی نہین رکھتین۔ وجوہ یہہ ہین اول رجم وقصاص مین دوم عیب یہود مین سوم تخییر ازواج مین چہارم قصہ زینب مین پنجم جہاد منافقین مین ششم امتناع سب اصنام مین ہفتم مناسک حجۃ الوداع مین ہشتم حق اعرابی مین نہم درباب رفع ہیبت از یہود ونصاریٰ دہم حق فضیلت حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام مین۔ امّا وجہ اول پس پروردگار عالم خود فرماتا ہے فان جاؤک فاحکم بینہم او اعرض عنہم وان تعرض عنہم فلن یضروک

شیئًا وان حکمت فاحکم بینہم بالقسط۔ جب اعراض رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جائز رکہا پہر اس تہدید کے کیا معنے ہونگے اور جب معنا بتصریح بیان ہوچکا تو آیہ بلغ تکرار محض پر بحث ہوئی اور کلام اللہ تعالے کا منزہ ہے اس سے۔ امّا وجہ ثانی۔ پس اس سے بہی زیادہ ضعیف ہے اسواسطے کہ اگر سب واستہزائے یہود کیہ سکوت کو منع فرمایا تہا تو یہہ حکم ابتدائی تہا پہر یہہ تہدید کسواسطے ہوئی اور یہہ امر صاف دلالت کرتا ہے اس بات پر کہ کوئی حکم پہلا نازل ہوا اور آنحضرت نے کسی وجہ سے توقف فرمایا جیساکہ تصریح اسکی بعضے روایات مین موجود ہے پس مراد اوس سے یہہ حکم ابتدائی نہوگا۔ علاوہ اسکے ظاہر لفظ تبلیغ سے پہونچانا کسی حکم کا جانب خدا سے ہے پس اگر مقصود اس آیۂ شریفہ سے یہہ ہو کہ مقابل مین سب واستہزائے یہود کے اونپر توبیخ فرمائین تو خلاف بلاغت ہے اور وعدہ عصمت کا مقابل مین توبیخ یہود کے مستقیم نہین ہے اسواسطے کہ حضرت خاتم الانبیا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کوئی دقیقہ اونکی تکذیب مین اوٹہا نہین رکہا تہا اور وے پہلے ہی سے دشمن آنحضرت کے تہے اور لفظ من الناس کی عام ہے مقتضی اسکی نہین ہے کہ عصمت خصوص یہود سے رکہے۔ امّا وجہ ثالث پس کیونکر سبب نزول آیۂ شریفہ ہو کسواسطے کہ حکم تخییر ازواج مین اگر آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کسی وجہ سے توقف ہوا تو کیا یہہ امر ایسا ہے کہ بمنزلہ عدم تبلیغ رسالت کے قاطبۃً شمار کیا جاوے علاوہ اسکے واللہ یعصمک من الناس کیساہی کیا اسکی تبلیغ باعث لوگون کے عناد کا ہوتی کہ اللہ تعالے نے یہہ وعدہ فرمایا وجہ رابع اس سے بہی زیادہ ضعیف ہے اسواسطے کہ معاملہ جناب زید اور حضرت زینب بنت جحش رض کا اصلا مناسبت مضمون آیہ سے نہین رکہتا وہ ماجرا اسیقدر تہا کہ جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خصت دیگئی

تہی کہ جناب ممدوحہ کے ساتھہ تزویج کرین آپ شرم سے زبان مبارک پر نہ لاتے
جب جناب زید نے طلاق دیا جیسا کہ آیت سے ظاہر ہے فلما قضی زید منہا
وطراً زوجناکہا پروردگار عالم نے خود تزویج اپنے حبیب کی جناب ممدوحہ
سے فرمائی یہان تبلیغ کو کیا گنجائش ہے اور توقف کیسا اور حاجت حفظ وصیانت
کی کسی اور وہ امر کونسا ہے کہ جسکی عدم تبلیغ بمنزلہ عدم تبلیغ رسالت کے کلیتہ
شمار کیجائے اور تشجیع پیغمبر کو بوعدہ عصمت ضرور ہو۔ وجہ پنجم سرتاسر خلاف
عقل اور خلاف نفس الامر ہے معاذاللہ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے
کسی جہاد مین یا کسی سریہ مین سستی واقع ہوئی ہو بلکہ بلا توقف عمل فرمایا کرتے
ہتے اور عیاذاً باللہ کراہت سے منافقین کے یہہ سزاوار تہا کہ حضرت خاتم الانبیا
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ اور جب واجبات کے ادا کرنے مین سکوت فرماتے
علاوہ اسکے بموجب روایت متفق علیہا کے سورہ مائدہ نزولاً آخر قرآن ہے
اوقات جہاد کے گذر گئے تہے پہر کیون خداوند عالم اپنے حبیب پر ایسی تہدید
فرماتا اور کب کسی معرکہ مین حضرت رسول ہاشمی نے خوف کیا تہا کہ واللہ یعصمک
من الناس کے ارشاد سے تشجیع فرماتا۔ وجہ ششم زیادہ تر ضعیف ہے اسواسطے
کہ جب الہ العالمین عز مجدہ آلہہ موہومہ کفار کے سب کرنے سے منع فرمائے
اور بموجب اسکے صاحب خلق عظیم رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم زبان مبارک
کو روکین تو یہ کلمہ تہدید کا کیا وجہ رکھتا ہے غایت الامر یہہ کہ فرمان نازل ہوا تہا کہ
ہمنے فقط سب آلہہ موہومہ کو منع کیا ہے حکم سکوت کا اونکے عیبون سے نہین دیا ہے
علاوہ اسکے حضرت بشیر ونذیر نے ابتدا بعثت سے تا وقت وفات کونسا دقیقہ فضیحت کفار کا چہوڑ
دیا تہا جسپر تہدید ہوا اور کسو سے خوف جان کیا تہا کہ حاجت تشجیع کی ہوئی۔ اما وجہ ہفتم اور زیادہ حیرت انگیز ہے

رسول مختار صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کونسی سستی حقوق مسلمین مین واقع ہوئی تہی - اور فحواے حدیث منافی اس معنے کی ہے کسواسطے کہ آنحضرت نے اصحاب سے سوال کیا کہ آیا مین نے تبلیغ رسالت کی سب نے بالاتفاق اقرار کیا عرض کیا بلے یا رسول اللہ پس کب اس امر مین توقف و تامل واقع ہوا اور خاتمہ آیت واللہ یعصمک من الناس محض بیکار ہوا جاتا ہے بلکہ مناقض - کسواسطے کہ مسلمان اپنے حقوق کے واضح کرنے سے فرحناک ہوتے نہ یہہ کہ درپے آزار حضرت رسول مختار ہوتے اور کیا ضرر پہونچانا مسلمانون کا جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ممکن تہا کہ خداے تعالے نے وعدہ عصمت سے تسلی جناب رسول اللہ کو فرمائی وجہ ہشتم تاویلات سابقہ سے غرابت مین کم نہین - یعنے اس آیہ کے قصہ اعرابی سے مطلقاً اصلا ربط نہین رکہتی حکم تبلیغ کس امر کا ہوا اور تامل کس امر کی تبلیغ مین ہے اور تہدید بعدم رسالت کلیتہ کے کیا معنے - وجہ نہم اس لائق نہین کہ اوسکو دیکہا جائے - العیاذاً باللہ کہ ہیبت کفار کی کبہی ایک ذرہ بہی خاطر مبارک جناب سید المرسلین صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مین آئی ہو اور وہ بہی اسقدر کہ مانع تبلیغ ما انزل اللہ سے ہو - جب وجوہ تسعہ کا ضعف روشن ہوگیا تو روایت عاشر روایات عشرہ مین سے متعین ہوجاویگی - امام فخر الدین رازی نے جو فرمایا ہے واعلم ان ہذہ الروایات وان کثرت الا ان الاولے حملہ علی انہ تعالی امنہ من الیہود والنصاری وامرہ باظہار التبلیغ الخ - اور بناے اولویت اس شق کی اوپر ملاحظہ ترتیب اور نظم آیات قرآنی پر کی ہے اور حال اوسکا ظاہر ہے کہ قرآن کی آیت آیت اور سورہ سورہ علیحدہ علیحدہ شان نزول رکہتا ہے پس بناے اولویت قیاس ترتیب پر نہین ہوسکتی علاوہ اسکے آنحضرت نے اظہار تبلیغ مین یہود و نصاری پر کب سستی کی تہی کہ اسطرح تہدید نازل ہوئی اور نصاری نہ مدینہ منورہ

مین ہیئت مجموعی سکونت رکہتے تہے اور نہ زور و قوت جیسا کہ کتب سیر سے ظاہر ہے اور یہودی وقت نزول اس آیہ کے مستاصل ہو چکے تہے اور تبلیغ یہود پر بتواتر عمل مین آچکی تہی پس نہ حاجت امن دیے گی ہی اور نہ وقت امن دینے کا تہا ہرگاہ بقول صاحب تفسیر کبیر قول ابن عباس و برا ابن عازب و محمد بن علی یعنے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام اور بتنصیص علامہ سیوطی اخراج ابن جریر وابن ابی حاتم عن ابن عباس ونیز اخراج ابن ابی حاتم وابن مردویہ عن ابی سعید الخدری واخراج ابن مردویہ عن ابن مسعود بدون الجرح والتضعیف اور بتنصیص ابو اسحق ثعلبی باسنادہ مرفوعاً الی ابن عباس اور نیز روایت ابی صالح عن ابن عباس اور مثل انکے بتنصیص اکثر مفسرین جنکا ذکر اوپر ہو چکا نزول آیہ شریفہ کا نے فضل علے ابن ابی طالب علیہ السلام ثابت ہوا کسیکو مجال انکار باقی نہیں ہے رہی اسواسطے کہ جلالت قدر صحابہ رواۃ اصل کی متفق علیہا ہے اور راوی ان اصحاب سے بہی جملہ مقبول علماے اہل سنت ہین اور احتمال وضع کا ان لوگون سے نہین ہے اور قول محمد بن علے یعنے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کا گو تابعی ہون مگر بمفاد اہل البیت ابصر بمافی البیت سب سے مقبول تر ہے ۔ اسواسطے کہ وثوق وصدق مین جناب ممدوح کے کسیکو علمائے سنت وجماعت مین سے حرف نہین ہے البتہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے اپنے آبائے کرام صلوٰۃ اللہ علیہم اجمعین سے معنعن سُنا ہے جسکو روایت فرمایا ہے یہہ سلسلہ جمیع سلاسل پر ترجیح رکہتا ہے علاوہ اسکے یہہ تفسیر معاضد تفسیر ائمہ اہلبیت علیہم السلام بطریق روایت اثنا عشریہ ہے جسکو دریافت کرنا منظور ہو کتاب کافی وغیرہ کیطرف رجوع کرے ہرگاہ یہہ تفسیر ساتہہ تعدد دونون روات کے ساتہہ قرائن کے محفوظ ہوئی تو البتہ مفید یقین ہوگی { غور فرمائے کہ حکم ایزدی بارہ تبلیغ مین

اس تاکید کے ساتھہ کہ اگر تبلیغ نہ کی آپنے تو گویا تبلیغ رسالت مطلقا نہ کی اور پہر تشجیع کرنا اس وعدہ کے ساتھہ کہ واللہ یعصمک من الناس کیا اسی امر کے بیان کے لئے تہا کہ جس کسیکا مین ناصر ہون اوسکا علےؑ ناصر ہے اسمین کونسا فضل علے ابن ابی طالب علیہ السلام کے واسطے ہوا بلکہ صریح تحصیل حاصل ہے اور ایک ایسا فضل ہوا جو غیر مختص ہے کسواسطے کہ حضرت علے ابن ابی طالب علیہ السلام ہر وقت مین ناصر ہوئے ہین اوس شخص کے کہ جسکے جناب پیغمبر خدا ناصر ہوئے ہین اور جو شخص کہ بہرہ ایمان سے رکہتاہے وہ ناصر اوس شخص کا ہے کہ جسکے حضرت پیغمبر خدا ناصر ہین کیا حضرت عمر نے اسی امر پر تہنیت فرمائی تہی اور کیا یہہ امر لائق تہنیت ہو سکتاہے اور پہر کلمہ اصبحت کا کہ دلالت تجدد پر کرتاہے کیون کہا اور تہنیت اس امر کی جناب فاروق ہی پر منحصر نہین ہے بلکہ بموجب روایت صاحب روضۃ الصفا و معارج النبوت وغیرہ کے حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خیمہ واسطے ازواج معظمات کے برپا فرمایا اور تمام ازواج نبی نے تہنیت اس منصب کی اداکی پس یہہ سب منصب ولایت عہد کے لیئے ہو سکتاہے یا اسلیئے کہ جسکا مین ناصر و محب ہون علے ناصر و محب اوسکا ہے جیسا کہ تاویل کیگئی حدیث من کنت مولاہ فعلے مولاہ مین اور یہہ ارشاد پیغمبر کا لوگون کو موجب سرور کا ہوگا یا باعث ملال و تکدر کا کہ جسکے ازالہ خوف کے لیئے اللہ تعالے نے اپنے حبیب سے واللہ یعصمک من الناس فرمایا اور قرات قرآن جو زمان نبوی مین بروایت ابن مسعود ان علیا مولی المومنین وان لم تفعل فما بلغت رسالتہ واللہ یعصمک من الناس تہی اوسکے یہی معنے ہون گے کہ علے ناصر و محب مومنون کاہے اگر اسکو تبلیغ نہ کروگے پس تبلیغ رسالت نہین کی اور خدا تمہارا حفظ اس کلمہ کے

کہنے پر کریگا اس معنے کو ہرگز کوئی اہل عقل پسند نہ کریگا اور روایات مستفیضہ موثوق بہا سے دو امر اور نکلتے ہین ایک عموماً جمیع روایات جو علمائے اہل سنت کرتے ہین کہ بعد معاودت کرنے حضرت امیر کے یمن سے صحابہ نے حضور حضرت رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شکایت حضرت امیر علیہ السلام سے کی تھی اور آپنے من کنت مولاہ فعلی مولاہ الخ۔ ارشاد فرمایا مخدوش ہو گئین بلکہ یہہ ارشاد بحکم ربانی تہا اور عقل بہی انکار کرتی ہے کہ صرف اس تنبیہ کے لیئے کہ لوگ شکایت جناب مرتضوی نہ کرین بے وقت ہنگام سفر مین ایسے مقام مین کہ جہان اصلاً آبادی تہی نہ کوئی درخت سایہ دار جیسا کہ اکثر حجاج اور زوار ثقات روایت کرتے ہین کہ آجتک یہی حال ہے سب کو وہان ٹہرواوے اور خلق موجود کو مجتمع کرکے اس مطلب کو یعنے منع شکایت کو اس عبارت سے ادا فرمائین کہ جسکا مین ناصر ومحب ہون علے بہی ناصر ومحب اوسکا ہے۔ دوسرا بالخصوص روایت ابن مردویہ عن ابن مسعود ظاہر ہوا کہ عہد رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مین قرأت ان علیاً مولی المومنین کی تہی (کہ خوف ثابت ہوا کہ نزول آیہ یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیک یوم خم غدیر بحکم نصب جناب علے مرتضے علیہ السلام بخلافت ہوا) اب حدیث شریف من کنت مولاہ الخ کہ تالی اس آیہ شریفہ کی ہے ذکر کیجاتی ہے ارباب خبرت پر پوشیدہ نہین ہے کہ حدیث مذکور نص جلی خلافت علے ولی اللہ پر ہے اگر احادیث نبوی مین کوئی حدیث متواترہ بتواتر لفظی ہے تو یہی حدیث ہے قائلین تواتر حدیث غدیر بہت ہین منجملہ اونکے شمس الدین ابوالخیر محمد بن محمد بن علے بن یوسف العمری الدمشقی ثم الشیرازی المقری المعروف بابن الجزری مصنف حصن حصین وغیرہ نے کتاب اسنی المطالب مین اور علامہ عماد الدین

اسماعیل بن عمر الدمشقی المعروف بہ ابن کثیر الشامی نے اپنی تاریخ مین بتصریح ذہبی و جلال الدین سیوطی نے رسالہ الازہار المتناثرہ فی اخبار المتواترہ مین اور علے بن احمد بن نور الدین محمد ابراہیم العزیزی نے سراج منیر شرح جامع صغیر مین بتصریح سیوطی اور جمال الدین محدث نے اربعین مین اور میرزا مخدوم بن میر عبد الباقی نے کتاب نواقض الروافض مین اور علے قاری نے مرقاۃ شرح مشکوۃ مین اور شبلے نے کتاب ابحاث مسددہ فی فنون متعددہ مین اور محمد اسماعیل بن صلاح الامیر نے کتاب روضہ ندیہ شرح تحفہ علویہ مین اور ثناء اللہ پانی پتی نے سیف مسلول مین اور مولوی مبین فرنگی محلی نے وسیلۃ النجاۃ مین اس حدیث کے متواتر ہونے کی تصریح کی ہے اور یہہ سب مصنفین اور اونکی کتابین جلالت قدر مین آفتاب سے زیادہ روشن ہین کسیکو گنجایش نہین ہے کہ اونکو ضعیف کرسکے ان کتابون سے جو کتاب بہم پہونچے ملاحظہ فرمایئے اگر ہر ایک کتاب کی عبارت بعینہ قلمبند کیجائے تو ایک کتاب ضخیم ہو جائے منجملہ ان سب کتب کے اسنی المطالب فی مناقب علے ابن ابی طالب علیہ السلام تصنیف ابن الجزری کی عبارت بعینہ ملاحظہ کے لیئے قلم بند کیجاتی ہے اور جلالت شان مصنف اور اس کتاب کی دور کا ہیکو جایئے بستان المحدثین مین ملاحظہ فرمایئے۔

اخبرنا ابو حفص عمر ابن الحسن المراغی قیما شافہنی بہ عن ابی الفتح یوسف بن یعقوب الشیبانی اخبرنا ابو الیمن زید بن الحسن الکندی اخبرنا ابو المنصور القزاز اخبرنا الامام ابو بکر ابن ثابت الحافظ اخبرنا محمد بن عمر بن بکیر اخبرنا ابو عمر الاخباری حدثنا ابو جعفر احمد بن محمد النضبع حدثنا الاشیج حدثنا العلا بن سالم عن یزید بن ابی زیاد عن عبد

الرحمن بن ابی لیلی قال سمعت علیًا رضی الله عنه بالرحبة ینشد الناس من سمع النبی صلی الله علیه وسلم یقول من کنت مولاه فعلی مولاه اللهم وال من والاه وعاد من عاداه فقام اثنا عشر بدریا فشهدوا انهم سمعوا رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول ذالک هذا حدیث حسن من هذا الوجه صحیح من وجوه کثیرة تواتر عن امیر المومنین علی رضی الله عنه وهو متواتر ایضًا عن النبی صلی الله علیه وسلم رواه الجم الغفیر عن الجم الغفیر ولا عبرة بمن حاول تضعیفه ممن لا اطلاع له فی هذا العلم فقد ورد مرفوعًا عن ابی بکر الصدیق وعمر بن الخطاب وطلحه بن عبد الله والزبیر بن العوام وسعد بن ابی وقاص وعبد الرحمن بن عوف والعباس بن عبد المطلب وزید بن ارقم والبراء بن عازب وبریدة بن الحصیب وابی هریرة وابی سعید الخدری وجابر بن عبد الله وعبد الله بن عباس وحبشی بن جنادة وعبد الله بن مسعود وعمران بن حصین وعبد الله بن عمر وعمار بن یاسر وابی ذر الغفاری وسلمان الفارسی واسعد بن زرارة وخزیمه بن ثابت وابی ایوب الانصاری وسهل بن حنیف وحذیفه بن الیمان وسمرة بن جندب وزید بن ثابت وانس بن مالک وغیرهم من الصحابة رضوان الله علیهم وصح عن جماعة منهم ممن یحصل القطع بخبرهم وثبت ایضًا ان هذا القول کان منه صلی الله علیه وسلم یوم غدیر خم انتهی کتب خانه مولانا سید حامد حسین طاب ثراه وجعل الجنة مثواه مین دو نسخہ کتاب موصوف کے موجود ہین۔ چه خوش بود که برآید بیک کرشمه دو کار

اسی ضمن مین بعض منتہی الاسانید کے نام اور اونکے تعداد بہی واضح ہوگئی۔

اب اشارہ طرف شبہات مشہورہ کے بہی مناسب معلوم ہوتا ہے۔

شبہہ پہلا کہ اہل عربیت نے قاطبۃً انکار کیا ہے کہ مولی بمعنے اولی کے آیا ہو۔ واضح ہو کہ انکار ایک کا بہی اہل عربیت مین سے ثابت نہین چہ جا انکار جمیع اہل عربیت

حاصل کلام یہہ کہ مولی بمعنے اولی کتاب وسنت واشعار عرب مین شائع وذائع ہے اور تہوڑے بزرگوار ونکے جو ائمہ فن عربیت ولغت وتفسیر ہین اور اونہون نے تصریح فرمائی ہے کہ مولی بمعنے اولی کے ہے۔ نام انکے لکھے دیتا ہون اور بعض کی عبارات وآیت بہی نقل کردونگا تاکہ کلام کو طول نہوجائے۔

منجملہ اونکے [1] محمد بن سائب الکلبی و[2] ابوزید سعید بن اوس بن ثابت الانصاری اللغوی و[3] ابوعبیدہ معمر بن المثنی البصری و[4] ابوالحسن سعید بن مسعدة الاخفش المجاشعی و[5] احمد بن یحیی بن سیار ابوالعباس المعروف بثعلب و[6] ابوالعباس محمد بن یزید الازدی البصری المعروف بالمبرد و[7] ابواسحق ابراہیم بن محمد الزجاج و[8] ابوبکر محمد بن القاسم المعروف بابن الانباری و[9] محمد بن عزیز السجستانی العزیزی و[10] ابوالحسن علے بن عیسے بن علے بن عبداللہ الرمانی و[11] ابوالنصر اسماعیل بن حماد الفارابی الجوہری و[12] ابواسحق احمد بن محمد بن ابراہیم الثعلبی النیشاپوری و[13] ابوالحسن علی بن احمد الواحدی و[14] ابوالحجاج یوسف بن سلیمان بن عیسے الشنتمری و[15] قاضی ابوعبداللہ الحسین بن احمد الزوزنی و[16] ابوذکریا یحیی بن علے بن محمد الشیبانی التبریزی و[17] حسین بن مسعود الفراء البغوی و[18] جار اللہ بن عمر الزمخشری و[19] ابوالفرج عبدالرحمن بن علے المعروف بابن الجوزی و[20] احمد بن الحسن بن احمد الزاہد الدرواجکی و[21] نظام الدین حسن بن محمد القمی النیشاپوری و[22] ابوسالم محمد بن طلحہ القرشی النصیبی و[23] شمس الدین ابوالمظفر قزعلے سبط ابن الجوزی و[24] قاضی ناصر الدین عبداللہ بن عمر البیضاوی و[25] احمد بن یوسف بن عبدالدائم الحلبی المعروف بابن السمین و[26] محمد بن ابی بکر بن عبدالقادر الرازی و[27] جلال الدین احمد الخجندی و[28] عبداللہ بن احمد النسفی و[29] عمر بن عبدالرحمن القزوینی و[30] شیخ نور الدین علے بن محمد المعروف بابن الصباغ المالکی و[31] جلال الدین محمد بن احمد المحلی و[32] حسین بن علے الواعظ الکاشفی و[33] ابوالسعود بن محمد العمادی و[34] سعید چلبی و شیخ

شہاب الدین احمد بن محمد بن عمر خفاجی و شیخ سلیمان جمل و ملا جار اللہ الہ آبادی و محب الدین آفندی و محمد بن اسماعیل بن صلاح الامیر الیمانی و عبد الرحیم بن عبد الکریم و رشید النبی بن حبیب النبی و سید مومن بن حسین مومن شبلنجی۔

تفسیر محمد بن سائب الکلبی مولے را باولی از بحر محیط ابی حیان پس بحر محیط میں تفسیر آیۂ قل لن یصیبنا الا ما کتب اللہ لنا ہو مولنا و علے اللہ فلیتوکل المومنون کہا ہے ہو مولانا۔ ای ناصرنا وحافظنا قالت الجمھور و قال الکلبی اولی بنا من انفسنا فی الموت والحیوۃ و قیل مالکنا و سیدنا۔ فلھذا یتصرف کیف شاء فیجب الرضی بما یصدر من جھتہ و قال ذالک بان اللہ مولی الذین اٰمنوا و ان الکافرین لا مولی لھم فھو مولانا الذی یتولانا و یتولاھم۔

اما حین کلبی آئمہ حفاظ و منقدین ایقاظ و مہرہ و ائمہ فن رجال اہل سنت ہیں منجملہ اونکے ابو اسحاق احمد بن محمد بن ابراہیم الثعلبی در دیباچہ تفسیر خود۔ اور یحیی بن عیسے بن علی بن جزلہ مختصر تاریخ بغداد میں اور قاضی ابو عبد اللہ محمد بن علی العامری کتاب ناسخ و منسوخ میں۔ اور ابو محمد عبد اللہ بن مسلم بن قتیبہ الکاتب الدینوری کتاب معارف میں اور حسین بن مسعود بغوی معالم التنزیل میں اور علاؤ الدین عبد العزیز بن احمد البخاری کشف الاسرار شرح اصول میں اونکے مدایح عظیمہ لکہتے ہیں۔ ثعلبی نے کلبی کو ہمپایہ مجاہد سدی قرار دیا ہے و مشائخ سلف ماضیین و علمائے سابقہ سے جانا ہے اور الملحق سے قرار دیا ہے اور حسن بن عثمان قاضی نے علم کو عراق و حجاز میں تین چیز میں منحصر کہا ہے۔ علم ابی حنیفہ و تفسیر کلبی و مغازی محمد بن اسحاق۔

تفسیر یحیی بن زیاد الفرا مولی را باولے

پس تفسیر مفاتیح الغیب میں کہ مشہور ساتہہ تفسیر کبیر کے ہے مذکور ہے ماو یکم النار ہے

ھی مولاکم وبئس المصیر ۔ وفی لفظ المولی ھٰھنا اقوال احدھا قال ابن عباس مولٰکم ای مصیرکم وتحقیقہ ان المولی موضع الولی وھو القرب فالمعنی ان النار ھی موضعکم الذی تقربون منہ وتصلون الیہ والثانی قال الکلبی یعنی اولٰی بکم وھو قول الزجاج والفراء وابی عبیدہ الخ۔

تنبیہ مدائح فراء وفیات اعیان ابن خلکان ومرأۃ الجنان ابو محمد عبد اللہ بن اسعد یافعی وعبر ذہبی مین ملاحظہ ہون۔

اما حکم ابو الحسن سعید بن مسعدہ المجاشعی المعروف بالاخفش بھی مولی بمعنے اولی پس فخر الدین محمد بن عمر الرازی نے نہایۃ العقول فی الکلام فی درایۃ الاصول مین کہا ہے ان ابا عبیدۃ وان قال فی قولہ تعالی ماوٰکم النار ھی مولاکم معناہ ھی اولی بکم وذکر ھذا ایضًا الاخفش والزجاج وعلی بن عیسے واستشھد ابیت لبید الخ۔ اس عبارت سے ظاہر ہے کہ اخفش بلکہ زجاج وعلی بن عیسے نے بھی تفسیر مین ھی مولاکم کے ذکر کیا ہے کہ یعنے اوسکے ھی اولی بکم ہے اور محض اسی پر اکتفا واختصار نہین کیا بلکہ بیت لبید کے ساتھہ اوس اس تفسیر کے استشہاد کیا ہے۔ مدح اخفش وفیات الاعیان ابن خلکان اور تاریخ یافعی وبغیۃ الوعاۃ سیوطی مین ملاحظہ ہو اور ثعلبی نے اپنی تفسیر مین کہا ہے انت مولانا ای ناصرنا وحافظنا وولینا واولی بنا اور نیز ثعلبی نے اپنی تفسیر مین کہا ہے ماوٰکم النار ھی مولاکم ای صاحبتکم واولی بکم واحق بان تکون مسکنا لکم قال لبید ؎ فغدت کلا الفرجین تحسب انہ مولی المخافۃ خلفھا وامامھا اور ابو الحسن علی بن احمد الواحدی نے تفسیر وسیط مین کہا ہے ماوٰکم النار ھی مولٰکم ھی اولی بکم لما اسلفتم من الذنوب والمعنی انھا ھی التی تلی علیکم لانھا قد ملکت امرکم فھی اولی بکم من کل شیئ اور تفسیر جلال الدین

مین ہے ماوٰکم النارھی مولاکم اولی بکم انتہی۔ اور احمد بن یوسف بن عبد الدائم الحلبی المعروف بابن سمین نے تفسیر در مصون فی علم الکتاب المکنون مین کہا ہے قولہ ھی مولیکم یجوز ان یکون مصدراً ای ولایتکم ای ذات ولایتکم وان یکون مکاناً ای مکان ولایتکم وان یکون اولی بکم کقولک ھو مولاہ انتہی۔ مدایح ابن سمین رکامنہ ابن حجر عسقلانی مین ملاحظہ ہون۔ اور حسب اعتراف ابن حجر کی حضرات شیخین بالخصوص حدیث غدیر مین مولی سے معنے اولی سمجھے ہین چنانچہ صواعق محرقہ مین وجوہ جواب حدیث غدیر مین کہا ہے ثالثہا سلمنا انہ اولی لکن لانسلم ان المراد انہ الاولی بالامامت بل بالاتباع والقرب منہ فہو کقولہ تعالی ان اولی الناس بابراہیم للذین اتبعوہ ولا قاطع بل ولا ظاہر علے نفی ھذا الاحتمال بل ھو الواقع اذ ھو الذی فہمہ ابوبکر وعمر وناھتک بہما من الحدیث فانہما لما سمعاہ قال لہ امسیت یا ابن ابیطالب مولی کل مومن ومومنۃ۔ اخرجہ الدار قطنے واخرج ایضاً انہ قیل لعمر انک تصنع بعلیؓ شیئاً لا تصنع باحد من اصحاب النبی صلے اللہ علیہ وسلم فقال انہ مولای فخر رازی مولی را بمعنے متصرف قرار دادہ چنانچہ مفاتیح الغیب مین تفسیر مین آیہ فاعتصموا باللہ مولٰکم کے کہا ہے قال ابن عباس سلوا اللہ العصمۃ عن کل المحرمات وقال القفال اجعلوا اللہ عصمۃ لکم مما تحذرون ھو مولاکم سیدکم والمتصرف فیکم فنعم المولی فنعم السید ونعم النصیر فکانہ سبحانہ قال انا مولاک بل انا ناصرک وحبیبک۔ اور نیز صواعق محرقہ مین جواب حدیث غدیر مین کہا ہے الثانی لانسلم ان معنی المولی ما ذکر وہ بل معناہ الناصر لانہ مشترک بین معان کالمعتق والعتیق والمتصرف فی الامر

[Handwritten marginal notes at bottom, partially legible]

والناصر والمحبوب وھو حقیقة فی کل منھا۔ مطلب ہمارا اس سے بہی حاصل ہے کیونکہ اولی بالتصرف اور متصرف فی الامر متحد ہین۔

مولی بمعنے اولی بالتصرف حدیث صحیح بخاری سے ظاہر ہے۔ صحیح بخاری مین کتاب الاستقراض مین کہا ہے حدثنا عبد اللہ بن محمد ثنا ابو عامر ثنا فلیح عن ھلال بن علی عن عبد الرحمن بن ابی عمرة عن ابی ھریرة ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ما من مومن الا وانا اولی بہ فی الدنیا والاخرة اقرأوا ان شئتم النبی اولی بالمومنین من انفسھم فایما مومن مات وترک مالا فلیرثہ عصبتہ من کانوا ومن ترک دینا او ضیاعا فلیاتنی فانا مولاہ اور مثل اسی کے بخاری نے کتاب تفسیر مین تفسیر سورہ احزاب مین روایت کی ہے۔ اور مسلم نے بہی اپنی صحیح مین اس روایت کو ذکر کیا ہے اس عبارت سے صراحتًا ظاہر ہے کہ مولی بمعنے اولی بتصرف ہے اسواسطے کہ جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اولاً ارشاد فرمایا کہ نہین ہے کوئی مومن مگر یہہ کہ مین اولے الناس ہون ساتہہ اوسکے اور اپنی اولویت پر استدلال آیہ کریمہ النبی اولی بالمومنین من انفسھم سے فرمایا بعد اوسکے مقام تفریع مین اوپر اسی مضمون صدق مشحون کے مولائیت اپنی بیان فرمائی پس صراحتًا ظاہر ہوا کہ مراد مولی سے قول آنحضرت فانا مولاہ مین اولا بالتصرف ہے اور بافادات اکابر محققین واعاظم لغویین یہہ بہی ثابت ہے کہ مولی بمعنے متولی امر وولی امر وغیرہ مستعمل ہے۔

مولی بمعنے متولی امر بہی آتا ہے اور یہہ بہی مثل اولی بالتصرف ومتصرف فی الامر کے مفید امامت ہے بداہتہً وصراحتہً کسواسطے کہ متولی بمعنے متصرف ہے کما ہو ظاہر جدا وصرح بہ سعید الچلپی وشہاب الدین احمد الخفاجی فی حاشیتہما

علےٰ تفسیر البیضاوی اور بھی مولی بمعنے متولی امر ثابت ہے بافادات جمعے از اکابر محققین و اعاظم لغویین و اماثل متقدمین و نحاریر مفسرین مثل ابو العباس محمد بن یزید المبرد و ابو القاسم حسین بن محمد بن الفضل المعروف بالراغب الاصفہانی و ابو الحسن علے بن احمد واحدی و احمد بن الحسن بن احمد الزاہد و جار اللہ محمود بن عمر زمخشری و ابو السعادات مبارک بن محمد بن عبد الکریم جزری و احمد بن یوسف بن حسن کواشی و ناصر الدین عبد اللہ بن عمر بیضاوی و عبد اللہ بن احمد نسفی و ابو حیان محمد بن یوسف اندلسی و نظام الدین حسن بن محمد بن حسین نیشاپوری و عبد الرحمن بن ابی بکر سیوطی و محمد طاہر گجراتی و ابو السعود بن محمد العمادی و سعید چلپی مفتی روم و شیخ شہاب الدین احمد بن محمد بن عمر خفاجی۔

اما ابو الحسن بن احمد واحدی نے تفسیر وسیط مین کہا ہے ثم ردوا العبد یردون بالموت الی اللہ مولاهم الحق الذی یتولی امورهم اور جار اللہ محمود بن عمر زمخشری نے کشاف مین کہا ہے مولانا سیدنا ونحن عبیدک او ناصرنا او متولی امورنا فانصرنا فمن حق المولی ان ینصر عبیدہ فان ذالک عادتک او فان ذالک من امورنا التی علیک تولیها اور احمد بن یوسف الکواشی نے تفسیر تلخیص مین کہا ہے ولا یوقف علے انت مولانا سیدنا ومتولی امورنا لوجود الفاو فے قوله فانصرنا علے القوم الکافرین لانک سیدنا والسید ینصر عبیدہ اور عبد اللہ بن احمد نسفی نے مدارک التنزیل مین کہا ہے انت مولانا سیدنا ونحن عبیدک او ناصرنا او متولی امورنا اور علامہ جلال الدین سیوطی نے تکملہ تفسیر جلال محلی مین کہ مجموع اوسکا معروف بہ تفسیر جلالین ہے کہا ہے۔ انت مولانا سیدنا و متولی امورنا اور نیز سیوطی نے اس تکملہ مین کہا ہے فاعلموا ان اللہ مولاکم ناصرکم و متولی

امور کہا اور نیز سیوطی نے اوس مین کہا ہے لن یصبنا الا ما کتب اللہ لنا اصابتہ هو مولانا ناصرنا و متولی امورنا۔

فخر رازی نے تفسیر آیہ انت مولٰنا فارحمنا وانصرنا علی القوم الکافرین مین مولی کو بمتولی کل نعمۃ و مثل آن تفسیر کہا ہے چنانچہ تفسیر مفاتح الغیب مین اس آیہ کی تفسیر مین کہا ہے وفی قوله انت مولانا فائدة اخری وذلك ان هذه الكلمة تدل علی نهاية الخضوع والتذلل والاعتراف بانه سبحانه هو المتولی لكل نعمة يصلون اليها وهو المعطی لكل مكرمة يفوزون بها فلاجرم اظهروا عند الدعاء انهم فی كونهم متكلين علی فضله واحسانه بمنزلة الطفل الذی لا تتم مصلحته الا بمربيه والعبد الذی لا ينتظم شمل مهماته الا باصلاح مولاه فهو سبحانه قيوم السموات والارض والقائم باصلاح مهمات الكل هو المتولی فی الحقيقة للكل علی ما قال نعم المولی ونعم النصير الخ۔ اس عبارت فخر رازی سے بنہایت وضوح ظاہر ہے کہ مولی آیہ کریمہ انت مولانا مین بمعنے متولی کل نعمۃ و قائم باصلاح مہمات الکل ہین۔

و نیز ائمہ متقدمین کبار و اجلہ مفسرین عالی فخار نے مولی کو بولی امر تفسیر کیا ہے جلال الدین محلے نے تفسیر مختصر موسوم بہ تفسیر جلالین مین کہا ہے وهو كل ثقيل علی مولاه ولی امره۔ واحدی نے تفسیر وسیط مین اور نظام الدین حسن نے غرائب القرآن مین بھی مولی بمعنے ولی امر کہا ہے۔ پس ظاہر ہے کہ ولی امر مثل متولی امر کے بمعنے امام و حاکم و رئیس کے ہین پس اگر مولی حدیث غدیر مین بمعنے ولی امر کے بھی ہو تو بھی واسطے اصلاح فواد اہل رشاد کافی و وافی ہے لکمال تعجب و حیرت ہے کہ شاہ ولی اللہ صاحب نے باوجود جلالت شان کے

بوجہ تعصب کے پایہ عالی کو بڑہا کر رکہا اور فرمانے لگے کہ مولی بمعنے ولی امر کے نہین آیا۔ ازالۃ الخفا مین بجواب حدیث غدیر فرماتے ہین تعنت شیعہ را تماشا کن چون درین حدیث ہم جائے ناخن زدن ندیدند گفتند مولی بمعنے اولی است و اولی بتصرف درحق تمام امت میگیریم و اولی بتصرف جمیع امت امام است پس مرتضے امام باشد۔ گوئیم مولی بمعنے محبوبست ازجہت قرینہ اسباب متقدمہ و ازجہت احادیثے کہ قریب بمضمون این حدیث و نزدیک بزمان او وارد شدہ و ازجہت قرینہ اللھم وال من والاہ و عاد من عاداہ باز میگوئیم مولی بمعنے معتق و معتق مشہور راست و بمعنے ناصر و مالک نیز آمدہ ولکن بمعنے ولی امر نیامدہ ہیچ مفعل بمعنے فعیل نخواندہ ایم الخ کمال حیرت ہے تعنت مقتدائے سنیان را تماشا کن کہ چون درین حدیث ہم جائے ناخن زدن نہ دیدند در نفی بودن مولی بمعنے اولی کوشیدند و برین سینہ زوری اکتفا نکردہ از رازی امام المکابرین پا را فراز تر نہادند کہ محض انکار مجی مولی بمعنے اولی را کافی نہ دیدہ انکار مجی مولی بمعنے ولی امر ہم نمودند الخ۔

شبہہ دوسرا یہہ کہ اگر مولی بمعنے اولے کے ہو تو صلہ اوسکا بالتصرف قرار دینا کس لغت سے منقول ہوگا۔

پس اگر مراد یہہ ہے کہ اگر مولی بمعنے اولی ہو پس صلہ اوسکا بالتصرف قرار دینا ناجائز ہے کہ لغت سے لانا اسکا ثابت نہین ہوتا پس یہہ بمعنے غرائب توہمات عجیبہ سے ہین کسواسطے کہ مجی مولی بمعنے اولی کافی ہے اور پہیر نا صلہ اوسکا بالتصرف حسب قرینہ مقام کے ہے اور افادہ تفتازانی اور افادہ قوشجی سے صراحۃً واضح ہے کہ مجی مولی بمعنے اولی بتصرف کلام عرب مین شائع ہے اور ائمہ لغت سے منقول ہے اور نیز مجی مولی بمعنے متصرف و متولی امر و ولی امر وغیرہ جیسا کہ ہم ثابت کرچکے واسطے دفع توہمات معترض کے کافی ہے اور اگر غرض اس سے

یہہ ہے کہ اگر مولی بمعنے اولی ہو پس ہونا مولی کا بمعنے اولے بالتصرف اس حدیث سے کیونکر ثابت ہوگا پس جواب اوسکا وہ ہے جو آخر صفحہ ۱۳ و صفحہ ۱۴ و ۱۵ مین بیان ہوا۔ اور ذکر اسکا اچھی طرح آگے بہی ہوگا۔

قال التفتازانی فی شرح المقاصد اما حدیث الغدیر فھو انہ علیہ الصلوۃ والسلام قد جمع الناس یوم غدیر موضع بین مکۃ و المدینۃ و بالجحفۃ وذلک بعد رجوعہ من حجۃ الوداع وکان یوما صائفۃ حتی ان الرجل لیضع ردائہ تحت قدمیہ من شدۃ الحر وجمع الرجال وصعد علیھا فقال مخاطبا معاشر المسلمین الست اولی بکم من انفسکم قالوا بلی قال فمن کنت مولاہ فعلی مولاہ اللھم وال من والاہ وعاد من عاداہ وانصر من نصرہ واخذل من خذلہ۔ وھذا حدیث متفق علی صحتہ اورداہ علی رضی اللہ تعالی عنہ یوم الشوری حین حاول ذکر فضائلہ ولم ینکرہ احد ولفظ المولی قد یراد بہ المعتق والمعتق والحلیف والجار وابن العم والناصر والاولی بالتصرف قال اللہ تعالی ماوٰکم النار ھی مولکم ای اولی بکم ذکرہ ابو عبیدۃ وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ایما امرأۃ نکحت بغیر اذن مولاھا ای الاولی بھا والمالک لتدبیر امرھا ومثلہ فی الشعر کثیر وبالجملۃ استعمال المولی بمعنی المتولی والمالک للامر والاولی بالتصرف شائع فی کلام العرب منقول عن کثیر من ائمۃ اللغۃ والمراد انہ اسم لھذا المعنی لاصفۃ بمنزلۃ الاولی لیعترض بانہ لیس من صیغۃ افعل التفضیل وانہ لایستعمل استعمالہ وینبغی ان یکون المراد بہ فی الحدیث ھو ھذا المعنی لیطابق صدر الخبر ولانہ لاوجہ للخمسۃ الاول وھو ظاہر ولا السادس لظھورہ وعدم احتیاجہ الی البیان وجمع الناس لاجلہ سیما

اسمین تمام عبارت تفتازانی کی مع مطلب ہوتی ہے۔

وقد قال الله تعالی والمومنون والمومنات بعضهم اولیاء بعض ولاخفاء فی ان الاولویت بالناس والتولی والمالکیه لتدبیر امرهم والتصرف فیهم بمنزله النبی صلے الله علیه وسلم هو معنے الامامة والجواب منع تواتر الخبر فان ذالك من مکابرات الشیعة کیف وقد قدح فی صحته کثیر من ائمة الحدیث ولم ینقله المحققون منهم کالبخاری ومسلم والواقدی واکثر من رواه لم یرو المقدمة التی جعلت دلیلاً علے ان المراد بالمولے الاولی وبعد صحة الروایة نوخر الخبر اعنی قوله اللهم وال من والاه وعاد من عاداه یشعر بان المراد بالمولی هو الناصر والمحب بل مجرد احتمال ذلك کاف فی دفع الاستدلال وماذکر من ذلك معلوم ظاهر فی قوله تعالی والمومنون والمومنات بعضهم اولیاء بعض لا یدفع الاحتمال لجواز ان یکون الغرض التنصیص علی موالاته ونصرته لیکون ابعد من التخصیص الذی یحتمله اکثر العمومات ولیکون اقوی دلالة وادفی بافادة زیادة الشرف حیث قرن بموالاة النبی صلے الله علیه وسلم وهذا القدر من المحبة والنصرة لا یقتضی ثبوت الامامة وبعد تسلیم الدلالة علے الامامة فلاعبرة بخبر الواحد فی مقابلة الاجماع ولو سلم فغایته الدلالة علے استحقاق الامامة وثبوتها فی المال لکن من این یلزم نفی امامة الائمة الثلثة رضی الله تعالی عنهم قبله وهذا قول بالموجب وهو جواب ظاهر لم یذکره القوم واذا تاملت فیما یدعون من تواتر الخبر حجة علیهم لا لهم لانه لو کان مسوقا لثبوت الامامة الا علیه لما خفی علے عظماء الصحابة رضی الله تعالی عنهم اجمعین فلم یترکوا الاستدلال به ولم یتوقفوا فی محل امر الامامة والقول بان القوم ترکوا الانقیاد وعنادا وعلے رضی الله تعالی عنه ترك الاحتجاج تقیة

نہایۃ الغوایۃ وغایۃ الوقاحۃ ملاحظہ سے اس عبارت کے ظاہر ہو کہ تفتازانی نے
حدیث غدیر کے جواب مین احتمالات رکیکہ واعتراضات سخیفہ پیدا کرنیکی بہت
کوشش کی لیکن مجی مولی بمعنے اولی بالتصرف مین اصلا کلام نکیا اور رد اوسکا
بہیچ وجہ ولو کان ضعیفا سخیفا نکیا۔ اور تمام عبارت قوشجی کی متعلق بحدیث
غدیر یہہ ہے والحدیث غدیر المتواتر بیانہ ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم
قد جمع الناس یوم غدیر خم موضع بین مکۃ والمدینۃ بالجحفۃ وذالک
بعد رجوعہ عن حجۃ الوداع وجمع الرجال وصعد علیہا وقال مخاطبا
یا معشر المسلمین الست اولی بکم من انفسکم قالوا بلی قال فمن کنت مولاہ
فعلی مولاہ اللہم وال من والاہ وعاد من عاداہ وانصر من نصرہ واخذل
من خذلہ وہذا الحدیث اوردہ علی رضی اللہ تعالی عنہ یوم الشوری
عند ما حاول ذکر فضائلہ ولفظ المولی قد یراد بہ المعتق والمعتق و
الحلیف والجار وابن العم والناصر والاولی بالتصرف قال اللہ تعالی ماوٰکم
النار ہی مولاکم ای اولی بکم ذکرہ ابو عبیدۃ ۔ وقال النبی صلے اللہ
علیہ وسلم ایما امرأۃ نکحت بغیر اذن مولیہا ای الاولی بہا فی التصرف
والمالک لتدبیر امرہا ومثلہ فی الشعر کثیر و بالجملۃ استعمال المولی بمعنی
المتولی والمالک للامر والاولی بالتصرف شائع فی کلام العرب منقول
عن ائمۃ اللغۃ والمراد انہ اسم لہذا المعنی لا صفۃ بمنزلۃ الاولی لیعترض
بانہ لیس من صیغۃ اسم التفضیل وانہ لا یستعمل استعمالہ وینبغی ان
یکون المراد بہ فی الحدیث ہو ہذا المعنی لیطابق صدر الحدیث اعنی
قولہ الست اولی بکم من انفسکم ولانہ لا وجہ للخمسۃ الاول وہو
ظاہر ولا السادس بظہورہ وعدم احتیاجہ الی البیان وجمع الناس

لاجله سیما وقد قال الله تعالیٰ والمومنون والمومنات بعضهم اولیاء
بعض ولاخفاء فی ان الاولویة بالناس والتولی والمالکیة لتدبیر
امرهم والتصرف فیهم بمنزلة النبی صلی الله علیه وآله وسلم هو معنی الامامة
واجیب بانه غیر متواتر بل هو خبر واحد فی مقابلة الاجماع کیف
وقد قدح فی صحته کثیر من اهل الحدیث ولم ینقله المحققون منهم کالبخاری
ومسلم والواقدی واکثر من رواه لم یرو المقدمة التی جعلت دلیلاً
علی ان المراد بالمولی هو الاولی بالتصرف وبعد صحة الروایة فموخر
الخبر اعنی قوله اللهم وال من والاه یشعر بان المراد بالمولی هو الناصر
والمحب بل مجرد احتمال ذالک کاف فی دفع الاستدلال وما ذکر
من ان ذالک معلوم ظاهر من قوله تعالیٰ والمومنون والمومنات
بعضهم اولیاء بعض لایدفع الاحتمال لجواز ان یکون الغرض التنصیص
علی موالاته ونصرته لیکون ابعد عن التخصیص الذی یحتمله اکثر العمومات
ولیکون اوفی بافادة الشرف حیث قرن بموالاة النبی صلی الله علیه
وسلم ولو سُلّم ان المراد بالمولی هو الاولی فاین الدلیل علی ان المراد هو
الاولی بالتصرف والتدبیر بل یجوز ان یراد الاولی فی الاختصاص
به والقرب منه کما قال الله تعالیٰ ان اولی الناس بابراهیم
للذین اتبعوه وکما یقول التلامذة نحن اولی باستادنا والاتباع
نحن اولی بسلطاننا ولا یریدون الاولویة فی التدبیر والتصرف
وح لایدل الحدیث علی امامته ولو سُلّم فغایته الدلالة علی
استحقاق الامامة وثبوتها فی المآل لکن من این یلزم نفی
امامة الائمة الثلثة قبله۔

شبہہ تیسرا یہہ کہ قرینہ مابعد یعنے اللھم وال من والاہ الخ ۔ دلالت کرتا ہے کہ مراد ولایت سے محبت ہے ۔

پس بسا تعجب کہ وہ معنے جو ائمہ لغت ذکر کرین اور اوسکی تصریح کرین مقبول نہون اور معنے ایجادی اپنے بدون اقامت دلیل ذکر کرین اور بلا حجت اوسکو معتمد قرار دین ۔ اگر مراد ولایت سے کہ لفظ مولی یا ولی سے سمجھی جاتی ہے محبت کے قرار دیئے جاوین تو اس صورت مین حمل مولی کا کس معنی پر ہوگا آیا بر محب یا محبوب اگر حمل اوسکا معنے محب پر ہے اور مراد محبت سے محبت جناب علی مرتضےٰ ہے واسطے دوسرون کے اس صورت مین لزوم محبت دیگران جناب امیر علیہ السلام پر ثابت ہے نہ ایجاب محبت علی مرتضےٰ دوسرون پر ۔ اور اگر حمل اوسکا معنی محبوب پر ہے پس لازم کہ اولاً مجی مولی بمعنے محبوب لغت سے ثابت کیئے جاوین ۔ پس ثابت ہوا کہ مراد مولے سے اس حدیث مین محب یا محبوب نہین ہو سکتے ۔ باقی ذکر اسکا آیندہ آویگا انشا اللہ تعالی جب جناب بشیر و نذیرؐ بحکم رب قدیر جناب امیرؑ کو یوم غدیر مولی اور امیر مومنین و مومنات کے مقرر فرما چکے تو آیہ شریفہ اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دیناً نازل ہوا ۔ پس نازل ہونا اس آیہ شریفہ کا دلیل کامل و برہان تام و شاہد رضی و حجت وضی ہے کہ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خم غدیر مین خلافت و امامت علی ولیؑ پر نص فرمایا اور یہہ امر ایسا جلیل و عظیم و فخیم تہا کہ اللہ تعالے نے دین کو کامل کر دیا اور اتمام نعمت کیا اور علمائے جلیل الشان اور محدثین اعیان کی روایات سے ثابت ہے کہ نزول آیہ شریفہ کا بعد نصب جناب امیر المومنین علیہ السلام بخلافت ہوا ۔ اس مقام پر ہم انکے نام اور بعض کی

روایات قلمبند کرتے ہین تاکہ طول نہو۔

پس احمد بن موسی بن مردویہ الاصفہانی و ابونعیم احمد بن عبداللہ الاصفہانی و ابوالحسن علی بن محمد الجلالی المعروف بابن المغازلی و موفق بن احمد المعروف باخطب و محمد بن علی بن ابراہیم النطری و ابوحامد محمود بن محمد بن حسین بن یحیے الصالحانی و ابراہیم بن محمد بن المویدالحموینی روایت کرتے ہین کہ نزول آیہ اکملت لکم دینکم روز غدیر مین ہوا اما روایت ابونعیم احمد بن عبداللہ الاصفہانی نزول آیہ اکملت لکم دینکم واقعہ غدیر مین پس کتاب۔ مانزل من القران فی علی علیہ السلام مین اپنے اسناد کے ساتھہ نقل کیا ہے۔

عن قیس بن الربیع عن ابی ھارون العبدی عن ابی سعید الخدری ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم دعا الناس الی علی فی غدیر خم وامر بما تحت الشجرۃ من شوک فقم وذالک فی یوم الخمیس فدعا علیًا فاخذ بضبعیہ فرفعھما حتی نظر الناس بیاض ابطی رسول اللہ ثم لم یفترقوا حتی نزلت ھذہ الایۃ الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینًا۔ فقال رسول اللہ اللہ اکبر علی اکمال الدین واتمام النعمۃ ورضی الرب برسالتی وبالولایۃ لعلی من بعدی۔ الخ۔

اما روایت ابراہیم بن المویدبن عبداللہ الحموینی۔ پس کتاب فرائدالسمطین مین روایت کی ہے۔

عن سید الحفاظ ابی منصور شہردار بن شیرویہ بن شہردار الدیلمی قال اخبرنی الحسن بن احمد بن الحسن الحداد المقری الحافظ قال انبانا احمد بن عبداللہ بن احمد قال انبانا محمد بن احمد بن علی

قال نبانا محمد بن عثمان بن ابی شیبۃ قال نبانا یحیی الحمانی قال حدثنا قیس بن الربیع عن ابی هارون العبدی عن ابی سعید الخدری ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم دعا الناس الی علیؑ فی غدیر خم وامر بما تحت الشجرۃ من الشوک فقم وذالک یوم الخمیس فدعا علیاً فاخذ بضبعیہ فرفعهما حتے نظر الناس الی بیاض ابطی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ثم لم یفترقوا حتی نزلت هذہ الآیۃ - الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا - فقال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اللہ اکبر علے اکمال الدین واتمام النعمۃ ورضا الرب برسالتی والولایۃ لعلیؑ من بعدی الخ -

تنبیہ مخفی نرہے کہ ان دونوں روایتوں مین تقیید بلفظ بعد واقع ہے - اور یہہ بہی غور کیا جائے کہ روز غدیر ایسا جلیل الشان اور عظیم القدر ہے کہ بروایت اکابرین اہل سنت مثل نطنزی وابن مغازلی وسید علے ہمدانی وموفق بن احمد وابراہیم بن محمد بن ابی بکر بن ابی الحسن بن محمد بن حمویہ وغیرہم حقتعالے نے ثواب صوم اس روز کا برابر ثواب شصت ماہ کے قرار دیا ہے اس جگہہ صرف ایک روایت مختصر پر اکتفا کرتے ہین -

سید علے ہمدانی نے مودۃ القربیٰ مین کہا ہے -

عن ابی هریرۃ رضؓ قال من صام یوم الثامن عشر ذی الحجۃ کان لہ کصیام ستین شهرا وهو الیوم الذی اخذ فیہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بید علے فے غدیر خم فقال علیہ الصلوۃ والسلام من کنت مولاہ فعلے مولاہ اللهم وال من والاہ وعاد من عاداہ واخذل من خذلہ

وعن الامام الباقر عن آبائہ علیهم السلام مثل ذالک بل یرویٔن

کثیر من الصحابۃ فی اماکن مختلفۃ ھذا الخبر انتھی۔

جب ایسی روایات عدیدہ کتب اہل سنت مین موجود ہون اور کتب شیعہ مین بہی پائی جائین تو کیونکر مفید یقین نہونگی۔ پس جب جناب رسالتماب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم حدیث غدیر کو ارشاد فرچکے اور صحابہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام کو تہنیت مولائیت دیچکے تو اوسوقت حسان بن ثابت نے باستجازت و اجازت آنحضرتکے اشعار انشا کیئے اور حضرت رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے استحسان اشعار حسان فرمایا۔ یہہ اشعار منجملہ دلائل ظاہرہ و براہین باہرہ خلافت علی ولی ہین۔ محدثین جلیل الاخطار و اساطین عالی تبار و محققین کبار و معتمدین اخبار و حذاق اخبار و جہابذہ آثار نے مثل ابو بکر احمد بن موسی بن مردویہ الاصفہانی و ابونعیم احمد بن عبد اللہ الاصفہانی و موفق بن احمد بن ابی سعید اسحاق ابو المویہ المعروف باخطب خوارزم و ابو الفتح محمد بن علی بن ابراہیم النطنزی و شمس الدین ابو المظفر یوسف بن قزعلی سبط ابن الجوزی و ابو عبد اللہ محمد بن یوسف الکنجی و ابراہیم بن محمد بن المویدالحموینی و عبد الرحمن بن ابی بکر السیوطی وغیر ایشان ان اشعار کو نقل کیا ہے اس جگہپر ہم صرف دو روایات قلمبند کرتے ہین۔

صدر الدین ابراہیم بن محمد بن المؤید الحموینی نے اشعار حسان کو کتاب فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین مین روایت کیا ہے۔

ابنانی الشیخ تاج الدین ابوطالب علی بن الحسین بن عثمان بن عبد اللہ الخازن قال انبانا الامام برھان الدین ناصر بن ابی المکارم المطرزی اجازۃ قال انبانا الامام اخطب خوارزم ابو المؤید الموفق بن احمد المکی الخوارزمی قال اخبرنی

سید الحفاظ فیما کتب الیّ من همدان انبانا الرئیس ابو الفتح کتابہ حدثنا عبد اللہ بن اسحاق البغوی نبانا الحسن بن عقیل الغنوی نبانا محمد بن عبد اللہ الزارع نبانا قیس بن حفص قال حدثنی علی ابن الحسین العبدی عن ابی سعید الخدری ان النبیّ صلی اللہ علیہ وسلم یوم دعا الناس الی غدیر خم امر الناس بما کان تحت الشجرۃ من الشوک فقم وذالک یوم الخمیس ثم دعا الناس الی علی فاخذ بضبعہ فرفعھما حتی نظر الناس الی بیاض ابطیہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم لم یفترقا حتی نزلت ھذہ الآیۃ - الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **اللہ اکبر** علی اکمال الدین واتمام النعمۃ ورضا الرب برسالتی والولایۃ لعلی ثم قال اللھم وال من والاہ وعاد من عاداہ وانصر من نصرہ واخذل من خذلہ فقال حسان بن ثابت یا رسول اللہ اتاذن لی ان اقول ابیاتا قال قل ببرکۃ اللہ فقال حسان بن ثابت یا مشیخۃ قریش اسمعوا شہادۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم انشاء یقول ؎ ینادیھم یوم الغدیر نبیھم * بخم واسمع بالنبی منادیا * بانی مولاکم نعم ولیکم * وقالوا ولم یبدوا ھناک التعامیا الٰھک مولانا وانت ولینا * ولا تجدن فی الخلق للامر عاصیا * فقال لہ قم یا علی فانّنی * رضیتک من بعدی اماما وھادیا *

اور جلال الدین بن عبد الرحمن بن ابی بکر سیوطی نے اشعار حسان کو رسالہ الازدہار فیما عقدہ الشعراء من الاشعار مین روایت کیا ہے - اور اس رسالہ مین وہ اشعار کہ متضمن مضامین احادیث وآثار ہین جمع کیے ہین اور اوسنے استدلال صحت وشہرت اون احادیث پر کیا ہے چنانچہ اوسکے اول مین کہا ہے

ھذا جزء جمعت فیہ الاشعار التی عقد فیھا شیئ من الاحادیث والآثار سمّیتہ بالازدھار ولہ فوائد منھا الاستدلال بہ علی شھرۃ الاحادیث فی الصدر الاول وصحتہ وقد وقع ذالک لجماعۃ من المحدثین ومنھا ایرادہ فی مجالس الاملاء ومنھا الاشتھار بہ فی فن البدیع فی انواع العقد والاقتباس والانسجام اور اسی رسالہ میں فرماتے ہیں تذکرۃ الشیخ تاج الدین بن مکتوم لحسان بن ثابت الانصاری

؎ ینادیھم یوم الغدیر نبیّھم ✤ بخم فاسمع بالرسول منادیاً ✤ وقال من مولاکم و ولیکم ✤ فقالوا ولم یبدوا ھناک التعامیا ✤ الٰھک مولانا وانت ولیّنا ✤ ولم تلف منا فی الولایۃ عاصیا ✤ فقال لہ قم یا علی فاننی ✤ رضیتک من بعدی اماما وھادیا ✤ فمن کنت مولاہ فھذا ولیہ ✤ فکونوا لہ انصار صدق موالیا ✤ ھناک دعا اللّٰھم وال ولیّہ ✤ وکن للذی عادی علیا معادیا - وایضاً للسید الحمیری

؎ یا بایع الدین بدنیاہ ✤ لیس بھذا امر اللہ ✤ من این ابغضت امام الھدی ✤ واحمد قد کان یھواہ ✤ من الذی احمد من بینھم ✤ یوم خم ثم ناداہ ✤ اقامہ من بین الصحابۃ ✤ وھم حوالیہ وسماہ ھذا علی بن ابیطالب ✤ مولی لمن قد کنت مولاہ ✤ فوال من والاہ یا ذا العلی ✤ وعاد من قد کان عاداہ - وقال بعضھم ؎ اذا انا لم احفظ وصاۃ محمد ✤ ولا عھدہ یوم الغدیر موکداً ✤ فانی کمن یشری الضلالۃ بالھدی ✤ تنصر من بعد التقی او تھوّداً

اس عبارت سراسر بشارت سے نسبت ان اشعار ہدایت آثار کے بقطع وجزم وبت وحتم ساتہہ حسان بن ثابت کے ثابت اور شروع عبارت سے اس

رسالہ کی ظاہر ہے کہ فوائد ان اشعار سے استدلال ہے اوپر شہرت حدیث کے صدر اول مین اور نیز استدلال ہے اوسکی صحت پر - علامہ سیوطی کے محاسن سے کتب اہلسنت والجماعت مالامال ہین - اوپر ہم اشارہ لکھہ چکے ہین عبد الوہاب شعرانی نے لواقح الانوار مین تصریح کی ہے کہ سیوطی علماء عاملین واکابر عارفین سے ہین اور واسطے اونکے ہے مکاشفات غریبہ وخوارق وعلوم جمّہ ومصنفات جیدہ کثیرۃ الفوائد اور افادہ شعرانی سے ظاہر ہے کہ شیخ جلال الدین مجبول بود بر خصائل حمیدہ جمیلہ از صفا، باطن، وسلامت سریرت وحسن اعتقاد وزاہد وپرہیزگار ومتجہد در علم وعمل بود وتردد نمی کرد بسوی کسے از امرا وملوک وغیر ایشان واظہار میکرد ہر چیزی راکہ انعام میکرد حقتعالے از علوم واخلاق وکتمان نمیکرد دیگر چیزے کہ مامور بکتمان آن می شد وعمل میکرد درین باب بقول حقتعالے واما بنعمۃ ربک فحدث - واز سیوطی نقل کردہ کہ او میگفت کہ اخذ کردم علم حدیث را از شش صد کہ نظم کردہ ام اوشان را در ارجوزہ وایشان چہار طبقہ اند - ونیز از سیوطی نقل کردہ کہ او گفتہ منقطع شدہ بود املاء حدیث بدیار مصریہ بعد حافظ ابن حجر تا بست سال پس ابتدا کردم در املاء حدیث در مستہل سنۃ اثنتین وسبعین وثمان مائۃ در جامع ابن طولون - ونیز از سیوطی نقل کردہ کہ او گفتہ بتحقیق کہ عطا فرمودہ مرا حقتعالے تبحر بہفت علم تفسیر وحدیث وفقہ ونحو ومعانی وبیان وبدیع بر طریقہ عرب وبلغاتہ بر طریقہ متاخرین از عجم واہل فلسفہ ونیز از سیوطی آوردہ کہ او گفتہ بتحقیق رسیدم مقام کمال را در جمیع آلات اجتہاد مطلق منتسب ونیز از سیوطی نقل کردہ کہ او گفتہ کہ من دو لک حدیث یاد دارم واگر می یافتم زیادہ را ہر آئینہ حفظ میکردم - ونیز از لواقح ظاہر است کہ سیوطی اعلم اہل زمان بود بفقہ وحدیث وفنون آن وحافظ متقن بود ومی شناخت غریب الفاظ حدیث

واستنباط احکام را ونیز در آن مذکور است کہ بیاض گذاشتہ بود ابن حجر برای چند
احادیث کہ نمی شناخت کہ کدام کس تخریج آن کردہ وبیان نکردہ بود مراتب آن
احادیث را پس سیوطی تخریج این احادیث نمودہ وبیان مراتب آن از حسن وضعیف
کردہ ونیز از لواقح الانوار ظاہر است کہ سیوطی بزیارت جناب رسالتمآب صلے اللہ
علیہ وآلہ وسلم در عالم بیداری زیادہ از ہفتاد بار مشرف شدہ۔
کسیکی مجال نہین کہ علامہ سیوطی کی کتاب کو ضعیف کر سکے یا اونکی شان مین بیجا
کہے۔ اور ابن مکتوم کہ جنکے تذکرہ سے شیخ جلال الدین سیوطی نے ان اشعار کو
نقل کیا ہے اکابر اساطین ومشاہیر متبحرین وارکان منقدین واعیان محققین
سے ہین محامد جلیلہ اونکی کتاب وافی بالوفیات صلاح الدین خلیل بن ایبک
الصفدی۔ اور طبقات القراء شیخ محمد بن محمد الجزری وحسن المحاضرہ وبغیۃ
الوعاۃ سیوطی سے بکمال وضوح ظاہر وباہر ہین پس جاننا چاہیئے کہ یہہ اشعار
دربار بلاغت شعار متانت آثار جلیلۃ القدر عزیزۃ المنار عالیہ المنار مشرقہ
الانوار کاشف غمام شبہات ومزیح ظلام توجیہات ورافع وساوس اوہام
ومنور عیون مومنین وشافی صدور موقنین ومسددارکان یقین ومنتج فوائد
عظیمہ ہین۔ کہ اونسے بصراحت تمام بدلالت مطابقے بلا دخل تعریض والتزام
امام وہادی ہونا جناب علی مرتضے علیہ السلام کا بارشاد حدیث غدیر ظاہر
وواضح ہے۔ پس حتما وجزما وقطعا ویقینا ثابت ہوا کہ مراد حدیث غدیر
سے افادہ امامت جناب امیر علیہ السلام تہا لاغیر۔ برائے خدا نظر انصاف
سے دیکھیئے تو سہی کہ شعر ؎ فقال لہ قم یا علی فاننی ؞ رضیتک من
بعدی اماما وہادیا۔ نص صریح ہے کہ جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے یوم غدیر خم مین امامت حضرت علی ولی پر نص فرمایا۔ کسواسطے

کہ معنے اوسکے یہہ ہین کہ جناب سرور کائنات صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے علی! اوٹہہ کہ مین نے پسند کیا تجکو بجالیکہ تو امام و ہادی ہے بعد میرے - پس حمل مولی بر معنائے غیر امام محض افترا و بہتان ہے کہ تاویل الحدیث بما لا یرضی بہ الرسول والصحابۃ العدول ہے اور صحت احتجاج واستدلال کے ان اشعار کے ساتہہ بچند وجہ ظاہر ہے اول یہہ کہ قایل ان اشعار کے یعنے حسان ثابت خود صحابہ عدول واجلہ فحول سے ہین مدایح اونکے استیعاب ابن عبد البر اور اسد الغابہ ابن الاثیر واصابہ فی تمیز الصحابہ ابن حجر العسقلانی اور کتاب مستدرک علے الصحیحین ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ الحاکم سے واضح ولایح ہین - چنانچہ استیعاب مین کہا ہے -

وروینا من وجوہ کثیرۃ عن ابی ھریرۃ ان الرسول صلے اللہ علیہ وسلم قال لحسان اھج یعنے المشرکین وروح القدس معک وانہ صلے اللہ علیہ وسلم قال لحسان اللھم ایدہ بروح القدس المناضلتہ عن المسلمین و قال صلے اللہ علیہ وسلم قولہ فیھم اشد علیھم من وقع النبل ومر عمر ابن الخطاب بحسان ثابت وھو ینشد الشعر فی مسجد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فقال تنشد الشعر او قال ھذا الشعر فی مسجد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فقال لہ حسان بن ثابت قد کنت انشد فیہ من ھو خیر منک یعنی النبی صلے اللہ علیہ وسلم فسکت عمر - دوم یہہ کہ حسان نے ان اشعار بلاغت آثار کو باستجازت واجازت جناب سرور مختار علیہ وآلہ الاطہار آلاف التحیۃ والسلام ما اختلف اللیل والنہار پڑہا اور آنحضرت نے بجواب استجازت کلمہ بلیغہ قل علے برکۃ اللہ فرمایا وذالک اکبر شاھد واصدق برھان علے الحجیۃ والصواب ہے - سوم یہہ کہ تقریر جناب رسالتماب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم واسطے ان اشعار کے ہویدا اور آشکارا ہے کہ حسان سنے روبرو آنحضرت کے انکشا کئے اور

اور انکار آنحضرت سے اوپر ان اشعار کے واقع نہوا اور تقریر حضرت بشیر و نذیر کی باجماع اہل اسلام دلیل قاطع و برہان ساطع اوپر حقیت وصواب و موافقت کتاب و سنت ہے چہارم یہہ کہ جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صراحۃً استحسان ان اشعار کا فرمایا اور بعد سماع اشعار ارشاد فرمایا یاحسان لاتزال مویداً بروح القدس ما نافحت عنا کما فی روایتہ سبط ابن الجوزی اور روایت یوسف گنجی شافعی مین بعد لفظ مانفحت عنا کے بلسانک بہی مذکور ہے اس ارشاد سے صراحۃً ظاہر ہے کہ یہہ اشعار بذروہ قبول سرور انس وجان صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مااختلف الملوان فائز ہوئے اور بتائید روح القدس زبان گوہر فشان حسان سے برآمد ہوے۔ پنجم یہہ کہ حسان نے ان اشعار کو مجمع عظیم صحابہ عدول مین انشا کیا اور سب نے تقریر کی اور اصلا رد اور انکار اونپر نہ کیا پس باجماع جمیع صحابہ کہ اہل لسان و فصحاے عرب اعیان تہے ثابت ہوا کہ مراد مولی سے حدیث غدیر مین امام و ہادی ہے پس انکار اس معنی پر انکار ہے جمیع صحابہ پر جو اس مجمع شریف مین حاضر تہے۔ ششم یہہ کہ حضرات شیخین و حضرت عثمان بہی قطعاً و جزماً و حتماً اس مجمع عظیم مین حاضر تہے اور حضرات شیخین نے تہنیت اس منصب کی جناب علی مرتضی علیہ السلام کو دی پس احتمال انکی غیبت کا کوئی عاقل نہ کرے گا۔ اونہون نے بہی کچہہ انکار ان اشعار پر نہین کیا۔ پس بلا ارتیاب ثابت ہوا کہ ان حضرات کے نزدیک بہی حدیث غدیر مین مولی بمعنے امام ہے۔

اب اس جگہہ پر اشعار قیس بن سعد بن عبادہ کے کہ اکابر صحابہ جلیل الشان اور اعاظم مقتدیان اعیان سے ہین براے مزید توضیح لکہے جاتے ہین۔ پس علامہ ابو المظفر یوسف بن قزاوغلے کہ بتصریح فاضل رشید (در ایضاح) آئمہ دین و قدماے معتمدین سے نزدیک اہل سنت کے ہین تذکرہ خواص الامہ مین فرماتے ہین

قال قیس بن سعد بن عبادۃ الانصاری وانشدھا بین یدی علی بصفین

ہ قلت لما بغی العدو علینا ✦ حسبنا ربنا و نعم الوکیل ✦ و علی امامنا وامام ✦ لسوانا بہ اتی التنزیل ✦ یوم قال النبی من کنت مولاہ ✦ فھذا مولاہ خطب جلیل ✦ انما قالہ النبی علی الامامۃ ✦ حتم ما فیہ قال و قیل- ان اشعار متانت آثار سے بنہایت وضوح ظاہر و آشکارا ہوا کہ مراد حدیث غدیر سے امامت و امارت جناب امیر علیہ السلام ہے کسواسطے کہ قیس بن سعد نے بوقت بغی دشمن و ظہور عناد معاند کے روبروئے جناب علی مرتضی علیہ السلام کے بیان کیا کہ آنجناب امام اوسکے اور امام ماسوا اوسکے ہین اور قرآن شریف بامامت آنجناب نازل ہوا جس روز کہ نبی کریم نے حدیث من کنت مولاہ الخ کو ارشاد فرمایا-

تنبیہ جاننا چاہیئے کہ قیس بن سعد حسب افادات اساطین و محققین سنیہ سخی و کریم اور کرام و فضلاء اصحاب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تہے اور صاحب عقل و دہار اور دس برس تک اکتساب خدمت سرور انام صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا اور نہایت عقیل و شجاع و شریف القوم تہے- مدائح اونکے استیعاب ابن عبد البر و اسد الغابہ ابن اثیر جزری اور اصابہ ابن حجر عسقلانی سے ظاہر ہین علاوہ برین خود جناب امیر المومنین علیہ السلام نے تصریح فرائی ہے کہ جناب رسالتماب صلے اللہ علیہ وسلم نے آنحضرت کو امام امت پر کیا اور اس معنی کی غدیر خم مین خبر دی چنانچہ حسن میبذی نے فواتح مین آپکے دیوان کی شرح کی ہے- اس جگہہ پر اصل عبارت فواتح کی واسطے ملاحظہ کے لکہی جاتی ہے تا کہ کسی کو مجال قیل و قال نہ رہے-

خاصۃ دیوان اشعار حقائق شعار اوکہ بے شائبہ تکلف و بے رائحہ تصلف

اسمائیست پر از کواکب حقایق و چمنی است پر از شقایق دقائق۔
سہ عجائب آیات غرائب نزھۃ + رغائب غایات کتائب نجدۃ + عقائق احکام دقائق حکمۃ + حقایق احکام رقایق بسطۃ مدینہ مشتمل بر ہزار بیت معمور سفینہ منطوی بر صد بحر مسجور صوامع اذکار لوامع فکرۃ + جوامع اثار قوامع عزۃ + مدارس تنزیل محارس غبطۃ + مغارس تاویل فوارس منعۃ ارائک توحید مدارک زلفۃ + مسالک تمجید ملائکۃ نصرۃ۔
کانی پر از جواہر لطائف بحری پر از لآلی معارف شوادی مباھاۃ ھوادی تنبیۃ + بوادی فکاھات غوادی رجیۃ + جواھر انباء زواھر وصلۃ + ظواھر انباء قواھر صولۃ کیمیائے کہ قلب ناقص را بصورت نوعیہ کمال رساند عین الحیوان کہ تشنہ بادیہ حجاب را از لال وصال چشاند سہ بشائر اقرار بصائر عبرۃ + سرائر آثار ذخائر دعوۃ + مثانی مناجاۃ معانی نباھۃ + مغانی محاجاۃ مبانی قضیۃ + فوائد الالھام زوائد نعمۃ + عوائد انعام موائد نعمۃ در ظروف حروفش الوف اسرار مندرج و در سواد مدادش صنوف انوار مندمج آفتاب حقیقت از بروج ارقام او لامع و ظاہر و معانی ابیات او مانند اہلبیت کامل و طاہر لطائف اخبار و ظائف منحہ صحائف اخبار خلائف حسبۃ + فصول عبارات وصول تحیۃ + حصول اشارات اصول عطیۃ و سر کمال کلام خاتم الاولیاء آنست کہ نطق اخص خواص انسان است و ارتفاع و انحطاط نطق انسان بر طبق مرتبہ اوست در کمال و نقصان و چون کمال صوری و معنوی آنحضرت مانند آفتاب لامع است کلام حقائق نظامش مطابق آن واقع است انتہی۔ اوسمین مذکور ہے۔
لقد علم الاناس بان سھمی + من الاسلام یفضل کل سھم + واحمد

النبي اخي وصهري + عليه الله صلّى وابن عمّي + واني قائد للناس طرًا + الى الاسلام من عرب وعجم + وقاتل كل صنديد رئيس + وجبار من الكفار ضخم + وفي القرآن الزمهم ولائي + واوجب طاعتي فرضًا بعزم + كما هرون من موسى اخوه + كذاك انا اخوه وذاك اسمي + لذلك اقامني لهم اماما + واخبرهم به بغدير خم + فمن منكم يعادلني بسهمي + واسلامي وسابقتي ورحمي + فويل ثم ويل ثم ويل + لمن يلقي الاله غدا بظلمي + وويل ثم ويل ثم ويل + لجاحد طاعتي ومريد هضمي + وويل للذي يشقي سفاحًا + يريد عداوتي من غير جرم میر حسین میبذی نے فواتح میں ان اشعار کی شرح میں کہا ہے۔ مباہات بقرابت نبی و مفاخرت بر مردم اجنبی

لقد علم الاناس بانّ سهمي + من الاسلام يفضل كل سهم + واحمد النبي اخي وصهري + عليه الله صلّى وابن عمّي + واني قاعد للناس طرًا + الى الاسلام من عرب وعجم + وقاتل كل صنديد رئيس + وجبار من الكفار ضخم۔ صهر پدر زن والعرب بالضم خلاف العجم والعرب واحد مثل العُجم والعَجم وصنديد بکسر مہتر وضخم بزرگ و در بعض نسخ بجائے من الكفار من الاسلام میفرماید ہر آئینہ بتحقیقت دانند مردم کہ بخشش من از اسلام افزون مے آید از ہر بخشش واحمد پیغمبر برادر من و پدر زن منست بر وخدا درود فرستاد و پسر برادر پدر من است و بدرستیکہ من کشندہ ام مردم را ہمہ بسوے اسلام از عرب و عجم و کشندہ ہر مہتر سردارم و سرکش از کافران بزرگ ست از خلق جہان پایہ من بیشتر است + در علم و عمل پایہ من بیشتر است + جاہل کہ ز بخت بدبگیر و خوشش + در دیدہ او خنجر من نیشتر است۔

وفي القرآن الزمهم ولائي + واوجب طاعتي فرضا بعزم + كما هرون من موسى اخوه + كذاك انا اخوه وذاك اسمي + لذلك اقامني لهم اماما + واخبرهم به بغدير خم + فمن منكم يعادلني بسهمي + واسلامي وسابقتي ورحمي +

امامت پیشوائے وامام پیشوا وغدیر آبگیر ور دشت وخم بضم موضع است درمیان مکه ومدینه بجحفه بتقدیم جیم مضمومه که میقات اہل شام است ومعادله با چیزے برابر آمدن ویقال له سابقة فی هذا الامر اذا سبق الناس الیه ودر بعضے نسخ بجائے بعزم بزعم میفرماید در قرآن لازم گردانیدن ایشان را دوستے من وواجب کرد فرمان برداری مرا فرض با دل برکار نهادن چنانچه هارون از موسے برادر او بود همچنین من برادر اوام واین نام من است برائے آن برپائے داشت مرا برائے ایشان پیشوا وخبر داد ایشان را بآن در غدیر خم پس کیست از شما که برابر باشد مرا بنخشش من واسلام من وپیشی من وخویشی من سے

اے مهر تو بر تمام عالم شده فرض + در ذمه همتست احسان تو فرض + بی مهر تو حق نمی کند هیچ قبول + روزیکه رسد نامه اعمال بعرض -

